DAMAGE BOOK

188499

۹۵۸۲۰۳۰۵

۱۵۷۹۱

حاشیہ و حسن نظامی ۱۹۲۷ء

مرزا غالب کا روزنامچہ

14/12/62 P 246

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. Accession No.

Author

Title

This book should be returned on or before the date last marked below.

اردو تاج

تاریخ غدر ۱۸۵۷ء کا ساتواں حصہ

نواب اسد اللہ خاں

مرزا غالب کا روزنامچہ

تالیف خواجہ حسن نظامی دہلوی

ستمبر ۱۹۴۰ء میں تیسری بار
حسن نظامی ایڈیٹر منادی دہلی نے شائع کیا

تیسرا ایڈیشن قیمت بارہ آنے

حن غمر

۷۸۶ ہو الکل یا معین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غالب کا روزنامچۂ غدر

۱۸۵۷ء

غدر دہلی کے افسانوں کا ساتواں حصّہ

دیباچہ } غدر ۱۸۵۷ء کے حالات چھ حصوں میں شائع کر چکا ہوں ہر حصہ میں ایک مخصوص بات غدر کے متعلق ہے۔ پہلے حصہ میں وہ قصے ہیں جن کو میں نے بہادر شاہ کے خاندان کی عورتوں، بچوں اور مردوں کی آپ بیتی کیفیت کو ان سے سن کر یا دوسری جگہ سے معلوم کر کے اپنے طریقۂ بیان کے اضافہ سے قلمبند کیا اور کئی بار یہ کتاب چھپی۔ اس حصہ کا نام آنسوؤں کی بوندیں تھا اور اب بیگمات کے آنسو نام رکھا ہے

دوسرے حصہ میں انگریزوں کی خود نوشت کیفیت ہے۔ یعنی غدر میں ان پر جو مصیبتیں پڑیں ان کو انہوں نے لکھ لیا۔ اس کا نام انگریزوں کی بپتا ہے اور اس کے بھی کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔

تیسرے حصہ میں محاصرۂ دہلی کی وہ خط و کتابت ہے جو انگریزی فوج کے انگریز افسروں نے محاصرۂ دہلی کے مقام پر پنجاب کے انگریز افسروں سے کی اس کا نام محاصرۂ دہلی کے خطوط ہے۔

چوتھے حصہ میں بہادر شاہ بادشاہ کے مقدمہ کی مفصل روئداد ہے اس کا نام بہادر شاہ کا مقدمہ ہے۔

پانچویں میں وہ خفیہ خطوط ہیں جو غدر کے زمانہ میں بادشاہ نے لوگوں کو لکھے اس کا نام گرفتار شدہ خطوط ہے۔

چھٹے میں اخبارات کے وہ مضامین ہیں جو زمانۂ غدر میں شائع ہوئے اور جن کو... غدر کا ایک سبب قرار دیا گیا تھا۔ اس کا نام غدر دہلی کے اخبار ہے۔

اب یہ ساتواں حصہ میرے خیال میں سب حصوں سے زیادہ دلچسپ، مؤثر اور دردناک سمجھا جائے گا۔ گو آجکل پہلے حصہ کو جو میرا لکھا ہوا ہے بہت پسند کیا جاتا ہے مگر حق یہ ہے کہ جب غالب کا یہ روزنامچہ شائع ہوگا تو میرا لکھا ہوا پہلا حصہ اس کے سامنے ماند ہو جائے گا۔ کیونکہ میرے لکھے ہوئے حصہ میں قصّہ کا مبالغہ ہے اور بہت سی باتیں درد کا اثر بڑھانے کو محض فرضی لکھی گئی ہیں۔ میں نے یہ مضامین جو پہلے حصہ میں جمع کر کے شائع کئے ہیں تاریخی حیثیت سے نہیں بلکہ ہندوستانیوں کو عبرت دلانے اور دنیا کا انجام اور نتیجہ دکھانے کے لئے مختلف موقعوں پر لکھے اور مختلف رسائل و اخبارات میں شائع کرائے تھے اس لئے ان میں کسی قسم کی تاریخی اہمیت نہیں ہے۔ اور یہی وجہ تھی کہ میں نے پہلے ان کا نام "غدر کے افسانے" رکھا تھا تاکہ ان کو تاریخی واقعات نہ سمجھ لیا جائے۔

غالب کے روزنامچہ میں ایک حرف بھی فرضی نہیں ہے بلکہ چشم دید اصلی حالات کی تصاویر ہیں۔ اور پھر بیان ایسا صاف، ستھرا اور اعلےٰ ہے کہ میری عبارت اسکی گرد کو بھی نہیں پہنچ سکتی۔

غالب کے اس روزنامچہ سے دہلی کی عمارتوں، دہلی کے نامور آدمیوں دہلی کی قدیمی معاشرت، دہلی کے پرانے احساسات کا اتنا بڑا تاریخی ذخیرہ

حاصل ہوتا ہے جو کسی غدر دہلی کی تاریخ میں نہیں ملے گا۔
ایک بات نہایت ہی اہم اس روزنامچہ سے ظاہر ہوگی اور وہ یہ ہے کہ غدر کی تاریخ لکھنے والے عموماً یا تو انگریز تھے اور یا انگریزوں کے زیر اثر مورخ اس واسطے اس میں واقعات کا ایک ہی رخ دکھایا گیا ہے۔ مگر غالب کے روزنامچہ سے تصویر کا دوسرا اور بہت ہی پوشیدہ رُخ بھی ظاہر ہوجائیگا اور مورخوں کو اس سے بہت مدد ملے گی۔

یہ روزنامچہ کہاں سے آیا؟ لوگوں کو حیرت ہوگی کہ غالب کا یہ روزنامچہ کہاں سے آگیا پہلے تو کبھی اس کا ذکر بھی نہیں سُنا تھا۔

اس واسطے میں اس حقیقت کو بیان کردینا ضروری سمجھتا ہوں کہ غالب نے غدر کا کوئی خاص روزنامچہ نہیں لکھا تھا۔ نہ غالباً ان کو روزنامچہ لکھنے کی عادت تھی میں نے یہ روزنامچہ خود تصنیف کیا ہے۔ اور لطف یہ ہے کہ اس تصنیف میں ایک حرف بھی میرا نہیں ہے سب غالب کے قلم سے نکلا ہوا ہے۔

اس معمّہ اور چیستاں کا حل یہ ہے کہ غالب کے خطوط میں جہاں جہاں غدر کا ذکر ضمناً آیا تھا میں نے پوری تلاش و محنت سے اس کو الگ کرلیا۔ اور ایسے طریقہ سے چھانٹا کہ روزنامچہ کی عبارت معلوم ہونے لگی۔ بس میرا کمال اسی قدر ہے کہ میں نے بغیر بیشی الفاظ کے خطوط کو روزنامچہ بنادیا اور کوئی شخص اس کو پڑھ کر خطوط کا شبہ نہیں کرسکتا۔

غالب کے مکتوبات مطبوعہ وغیر مطبوعہ میں غدر کی کیفیت ایسی دبی ہوئی پڑی تھی کہ کوئی شخص اس کی خوبی و اہمیت کو محسوس نہ کرسکتا تھا اور خطوں کے ذیل میں ان عبارتوں کو بھی بے توجہی سے پڑھ لیا جاتا تھا۔

میں نے اس ضرورت کو محسوس کیا کہ اردو زبان میں غدر دہلی کی یہ لاثانی تاریخ جو موتیوں سے بھی زیادہ بیش قیمت ہے اس طرح دبی ہوئی نہ پڑی رہے۔ اسلئے

اس کو علیحدہ کرنا شروع کیا۔ اور کہیں کہیں اپنے حاشئے بھی لکھے تاکہ آجکل کے لوگوں کو دہلی کی بعض مقامی باتوں سے واقفیت ہو جائے اور جس چیز کا مطلب سمجھ میں نہ آئے حاشیہ کی مدد سے سمجھ لیں۔

کوشش کے باوجود غالب کی تحریروں میں بعض باتیں ایسی ہیں جن کا حل میں بھی نہ کر سکا۔ دوسرے ایڈیشن کے موقع پر مزید تحقیق کی توفیق خدا تعالےٰ نے دی تو اس کمی کو پورا کر دیا جائیگا۔

ایک نہایت مشکل کام روزنامچہ کی تیاری میں یہ پیش آیا کہ بعض مکتوبات پر غالب نے تاریخ اور سنہ لکھے ہیں اور بعض پر صرف تاریخ اور دن ہے مگر سنہ نہیں لکھا اور بعض پر نہ سنہ ہے نہ تاریخ ہے اسواسطے ترتیب کا فرض ادا کرنا مشکل ہوگیا۔ کیونکہ کچھ معلوم نہیں ہو سکتا کہ پہلی عبارت کونسی ہے اور دوسری کون سی۔ ناظرین خود اپنی سمجھ سے اس مشکل کو حل کر سکتے ہیں۔

دوسری مشکل اس روزنامچہ میں یہ ہے کہ بعض مضامین اور واقعات مکرر بلکہ کئی کئی بار لکھے گئے ہیں خصوصاً پنشن کے حالات بہت جگہ آئے ہیں۔ انکو میں نے اس لئے قایم رکھا اور کم نہیں کیا کہ گو واقعہ ایک ہی ہے مگر طرز ادا میں ہر جگہ نئی قسم کی خوبی ہے اور غالب نے اپنے ہر مخاطب کو ایسے لطف سے کیفیت لکھی ہے کہ نیا مضمون بنا دیا ہے۔ اور پھر کمال یہ ہے کہ واقعات میں کمی بیشی نہیں ہونے دی۔ جس سے غالب کی صدق بیانی پر پوری روشنی پڑتی ہے۔

حسن نظامی

غالب کے روزنامچہ غدر کا

تیسرا دیباچہ

یہ کتاب ۱۳۴۰ھ ہجری مطابق ۱۹۲۲ء عیسوی میں پہلی بار چھپی تھی۔ دو سال کے بعد ۱۳۴۲ھ مطابق جون ۱۹۲۴ء میں دوسری دفعہ شائع ہوئی۔ اب تیسرا ایڈیشن جمادثانی ۱۳۵۹ھ مطابق اگست ۱۹۴۰ء میں نظرثانی اور ترمیم کے بعد شائع کیا جاتا ہے۔

دوسری اشاعت کے وقت اس سلسلہ کے آٹھ حصے شائع ہوئے تھے مگر اس کے بعد چار حصے اور شائع ہوئے جو میری کتابوں میں بہت زیادہ مقبول ہیں۔ اور چونکہ اس سلسلہ کی کئی اور اچھی اچھی کتابیں میں نے جمع کی ہیں اس لئے امید ہے کہ ۱۹۴۰ء کے ختم تک خدا نے چاہا دو یا چار حصے اور شائع ہو جائیں گے۔

دوسرے ایڈیشن میں نظرثانی اور ترمیم کا وعدہ میں نے کیا تھا سو خدا کے فضل سے تیسرے ایڈیشن کے وقت میں نے پوری توجہ کے ساتھ کتابت کی غلطیاں درست کرائیں اور چند نوٹ بھی نئے لکھے۔ حالانکہ آجکل آنکھوں سے معذور ہو گیا ہوں۔ اور لکھنے پڑھنے سے مجبوری بھی ہے۔ پھر بھی میں نے اس کو پڑھوا کر سُنا اور اصلاح کرائی امید ہے کہ ناظرین بقیہ حصوں کو بھی منگا کر غدر کے متعلق اپنی تاریخی معلومات کو مکمل کرنے کی کوشش کریں گے۔

حسن نظامی

۷۸۶

غالب کا روزنامچہ غدر ۱۸۵۷ء

غالب کا نسب نامہ میں قوم کا ترک سلجوقی ہوں۔ دادا میرا ماوراءالنہر سے شاہ عالم کے وقت میں ہندوستان آیا سلطنت ضعیف ہو گئی تھی۔ صرف پچاس گھوڑے نقار دار نشان سے شاہ عالم کا نوکر ہوا۔ ایک پرگنہ سیر حاصل ذات کی تنخواہ اور رسالے کی تنخواہ میں پایا۔ بعد انتقال اس کے جو طوائف الملوکی کا بازار گرم تھا وہ علاقہ نہ رہا۔ باپ میرا عبداللہ بیگ خاں بہادر لکھنؤ جاکر نواب آصف الدولہ کا نوکر رہا۔ بعد چند روز حیدر آباد جاکر نواب نظام علی خاں کا نوکر ہوا تین سو سوار کی جمعیت سے ملازم رہا کئی برس وہاں رہا۔ وہ نوکری ایک خانہ جنگی کے بکھیڑے میں جاتی رہی۔ والد نے گھبرا کر الور کا قصد کیا۔ راؤ راجہ بختاور سنگھ کا نوکر ہوا۔ وہاں کسی لڑائی میں مارا گیا۔ نصیر اللہ بیگ خاں میرا چچا حقیقی مرہٹوں کی طرف سے اکبرآباد کا صوبہ دار تھا اس نے مجھے پالا ۱۸۰۶ء میں جرنیل لیک صاحب کا عمل ہوا صوبہ داری کمشنری ہو گئی اور صاحب کمشنر ایک انگریز مقرر ہوا۔ میرے چچا کو جرنیل لیک صاحب نے سواروں کی بھرتی کا حکم دیا۔ چار سو سواروں کا برگیڈیر ہوا۔ ایک ہزار روپیہ ذات کا اور لاکھ ڈیڑھ لاکھ روپیہ سال کی جاگیر حین حیات علاوہ سال بھر مرزبانی کے تھی کہ بمرگ ناگاہ مر گیا۔ رسالہ برطرف ہو گیا۔ ملک کے عوض نقدی مقرر ہو گئی۔ وہ اب تک پاتا ہوں۔ پانچ برس کا تھا جو باپ مر گیا۔ آٹھ برس کا تھا جو چچا مر گیا۔ ۱۸۳۰ء میں کلکتہ گیا۔ نواب گورنر جنرل سے ملنے کی درخواست کی۔ دفتر دیکھا گیا۔ میری ریاست کا حال معلوم کیا گیا۔ ملازمت ہوئی۔ سات پارچے اور جیغہ۔ سرپیچ۔ مالائے مروارید یہ تین رقم کا خلعت ملا۔ ازاں بعد جب دلی میں دربار ہوا مجھ کو بھی خلعت ملتا رہا

بعد غدر بجرم مصاحبت بہادر شاہ دربار و خلعت دونوں بند ہوگئے۔ میری بریت کی درخواست گزری تحقیقات ہوتی رہی۔ تین برس بعد پنڈ چھٹا۔ اب خلعت معمولی ملا

نوٹ: یہ خلاصہ ہے غالب کے نسب نامہ اور زندگی کے بڑے بڑے واقعات کا اتنے اختصار سے اتنی بڑی لائف کا ماحصل لکھدینا۔ معمولی بات نہیں ہے یہ قدرت خدا نے غالب کے قلم کو دی تھی۔

ترک اہل سیف ہوتے ہیں اہل قلم نہیں ہوتے

برٹش گورنمنٹ کے موجودہ متعصب عاقبت کے اندیشے سے بے بہرہ وزیر اعظم مسٹر لائڈ جارج نے خلافت ڈپوٹیشن ہندوستان کے اراکین سے کہا تھا کہ ترکوں کو تلوار نچانے کے سوا اور آتا ہی کیا ہے۔ ان میں کوئی قلمی بہادر پیدا نہیں ہوا اس کے جواب میں غالب اور امیر خسرو کو پیش کیا جاسکتا ہے جو دونوں دہلی درگاہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء میں دفن ہیں کہ امیر خسرو بھی ترک لاچین تھے۔ اور غالب بھی ترک سلجوقی تھے جیسا کہ اس عبارت میں انہوں نے خود لکھا ہے۔ اب غالب و خسرو کے کمالات علمی و شعری اور فضائل فلسفہ و ادراک حسن انسانی کو دیکھنا چاہیئے۔ ان کی لاجواب تصنیفات کو پڑھنا چاہیئے انگلش قوم کے علما و فلا سفروں میں جو بات انفرادی تھی وہ ان میں مجموعی تھی یعنی انگریزوں میں ایک خاص فن کا کوئی ماہر ہوتا تھا اور اس فن کے سبب اس کی عزت ہوتی اور غالب و خسرو مجموعہ کمالات تھے کہ متعدد فضائل ان کے اندر تھے۔

تو کیا ہندوستان کے یہ دو مشہور ترک ہندوستانی وفد خلافت کی طرف سے لائڈ جارج کو یہ جواب نہیں دے سکتے کہ ترک صاحب سیف بھی

ہوتے ہیں اور صاحب قلم بھی۔ تم کو واقفیت حاصل کئے بغیر زبان سے اتنی بڑی بات کہدینی مناسب نہ تھی کہ تم ساری برطانی قوم کے قائم مقام ہو۔ حسن نظامی

غالب کا حلیہ

جب میں جیتا تھا تو میرا رنگ چمپئی تھا اور دیدہ ور لوگ اس کی ستائش کیا کرتے تھے۔ اب جو کبھی مجھ کو وہ اپنا رنگ یاد آتا ہے تو چھاتی پر سانپ سا پھر جاتا ہے۔

جب ڈاڑھی مونچھ میں بال سفید آگئے تیسرے دن چیونٹی کے انڈے گالوں پر نظر آنے لگے۔ اس سے بڑھ کر یہ ہوا کہ آگے کے دو دانت ٹوٹ گئے۔ ناچار مسی بھی چھوڑدی۔ اور ڈاڑھی بھی تاکہ اس بھونڈے شہر (دہلی) میں ایک وردی ہے عام۔ ملا، حافظ، بساطی، نیچہ بند، دھوبی، سقہ، بھٹیارہ، جولاہا، کنجڑا۔ منھ پر ڈاڑھی سر پہ بال۔ فقیر نے جس دن ڈاڑھی رکھی اسی دن سر منڈایا۔

نوٹ:۔ اس سے معلوم ہوا جوانی میں بہت طرح دار جوان تھے۔ ڈاڑھی منڈاتے تھے اور اُس وقت کے دستور کے موافق دانتوں پر مسی بھی ملتے تھے۔ حسن نظامی

غالب کی ازلی طبیعت

علم و ہنر سے عاری ہوں۔ لیکن پچپن برس سے محو سخن گزاری ہوں۔ مبدء فیاض کا مجھ پر احسان عظیم ہے۔ ماخذ میرا صحیح اور طبع میری سلیم ہے۔ فارسی کے ساتھ ایک مناسبت ازلی اور سرمدی لایا ہوں۔ مطابق اہل پارس کے منطق کا بھی مزہ ابدی لایا ہوں۔ مناسبت خداداد۔ تربیت اُستاد حسن و قبح کی ترکیب پہچاننے، فارسی کے غوامض جاننے لگا۔

غالب کا مجموعہ کلام

میرا کلام کیا نظم کیا نثر۔ کیا اردو و فارسی کبھی کسی عہد

میں میرے پاس فراہم نہیں ہوا۔ دو چار دوستوں کو اس کا التزام تھا کہ وہ مسودات مجھ سے لیکر جمع کر لیا کرتے تھے۔ سو ان کے لاکھوں روپے کے گھر لٹ گئے جس میں ہزاروں روپے کے کتب خانے بھی گئے۔ اُسی میں وہ مجموعہ ہائے پریشان بھی غارت ہوئے۔

غدر کی نسبت غالب کی تصنیف

میں نے آغاز یازدہم مئی ۱۸۵۷ء سے یکم جولائی ۱۸۵۸ء تک روداد شہر اور اپنی سرگزشت یعنی ۱۵ مہینے کا حال نثر میں لکھا ہے اور اس کا التزام کیا ہے کہ دساتیر کی عبارت یعنی پارسی قدیم لکھی جائے اور کوئی لفظ عربی نہ آئے جو نظم اس نثر میں درج ہے۔ وہ بھی بے آمیزش لفظ عربی ہے۔ ہاں اشخاص کے نام نہیں بدلے۔

نوٹ:۔ یہ کتاب دستنبو کا ذکر ہے۔ آگے بھی جگہ جگہ اس کی کیفیت مذکور ہوئی ہے اور غالباً اسی کتاب کو دیکھنے کے بعد انگریزی حکام اعلیٰ کی غالب کی قدر ہوئی اور شروع کی بیزاری، نفرت، اور حقارت اور شبہ جاتا رہا۔ جس کا ذکر کئی جگہ آیا ہے۔ کیونکہ دستنبو دیکھنے سے پہلے گورنر اور دیگر حکام انگریزی غالب کو معمولی شاعر اور بھاٹ خیال کرتے ہوں گے اور بہادر شاہ کا سکہ کہنے کے سبب اور قلعہ میں جانے آنے کی وجہ سے ان پر پورا شبہ باغیان غدر سے میل جول کا ہوگا۔ مگر جب کتاب دستنبو پڑھی گئی ہوگی اور اس سے غالب کی قابلیت اور غدر سے بے تعلقی ظاہر ہوئی ہوگی تب گورنر اور حکام انگریزی نے پنشن جاری کی ہوگی۔ حسن نظامی

غالب چشتی نظامی تھے شیعہ نہ تھے

میاں نصیر الدین اولاد میں سے ہیں شاہ محمد اعظم صاحب کے وہ خلیفہ تھے مولوی فخر الدین صاحب کے۔ اور میں مُرید ہوں اس خاندان کا۔

نوٹ:- غالب کی نسبت شہرت ہے کہ وہ اثنا عشری شیعہ تھے۔ اور مکتوبات میں اُنہوں نے خود بھی ایک جگہ لکھا ہے کہ میں اثنا عشری ہوں مگر یہاں وہ لکھتے ہیں کہ میں مولوی فخر الدین صاحب کے خاندان کا مرید ہوں۔ جو چشتیہ نظامیہ سلسلہ کے مشہور بزرگ تھے۔ درگاہ حضرت خواجہ قطب صاحبؒ میں انکا مزار ہے اور وہ فرزند تھے حضرت مولانا نظام الدینؒ اورنگ آبادی کے اور غالب کے اکثر احباب اور بہادر کا خاندان بھی حضرت مولانا فخر صاحبؒ مذکور کے سلسلہ میں مرید تھا۔ میاں کالے صاحب ان ہی مولنا فخر صاحب کے پوتے تھے۔ جو بہادر شاہ کے پیر سمجھے جاتے تھے اور اسی وجہ سے ان کی املاک وجائداد کی ضبطی ہوئی جیسا کہ غالب نے اسی روزنامچہ میں لکھا ہے۔

پس اگر غالب چشتی نظامی سلسلہ میں مُرید تھے تو شیعہ کیونکر ہو سکتے تھے کیونکہ شیعہ مرید نہیں ہوا کرتے۔ مگر انہوں نے خود لکھا ہے کہ میں اثنا عشری ہوں اس مشکل کا حل یہ ہے کہ چشتی نظامی فقرا اور ان کے مریدین محبت اہلبیت میں بہت غُلو رکھتے ہیں۔ اور بارہ اماموں سے بھی تعلق خاص رکھتے ہیں اس بنا پر غالب نے اپنے آپ کو اثنا عشری یعنی بارہ ائمہ کا ماننے والا لکھا ورنہ وہ شیعہ نہ تھے شیعہ ہوتے تو مرنے کے بعد علی گنج شاہ مردان کے قبرستان میں دفن ہوتے جو صفدر جنگ کے قریب ہے اور جہاں اسوقت کے

تمام شیعہ اُمرا دفن ہوا کرتے تھے۔ اور اب بھی ہوتے ہیں۔ سُنیوں خصوصاً چشتیوں نظامیوں کے قبرستان میں دفن ہونا اور درگاہ حضرت سلطان جی صاحب میں جو نظامیہ سلسلہ کے بانی ہیں ان کی میت کا لایا جانا ظاہر کرتا ہے کہ وہ سنی تھے شیعہ نہ تھے۔ ان کی قبر بھی سُنّی طریقہ کی بنائی گئی ہے یعنی اس پر اونچا اونٹ کے کوہان کی صورت کا خشتی تعویذ بنایا گیا ہے شیعوں کی قبریں زمین کے برابر ہوتی ہیں۔ ابھرا ہوا یا اونٹ کے کوہان کی شکل کا تعویذ ان کے ہاں نہیں بنایا جاتا۔

غالبؔ کی قبر پہ تاریخ میر مجروح کی کہی ہوئی کندہ ہے۔ جو غالب کے شاگرد اور شیعہ مذہب رکھتے تھے۔ وہ تاریخ یہ ہے۔

کل میں غم و اندوہ میں با خاطرِ محزوں ۔۔۔ تھا تربتِ اُستاد پہ بیٹھا ہوا غمناک
دیکھا جو مجھے فکر میں تاریخ کی مجروحؔ ۔۔۔ ہاتف نے کہا گنجِ معانی ہے تہ خاک

۱۲۸۵ھ

حسن نظامی

قلعہ کی تباہی کی پیشین گوئی

مشاعرہ یہاں شہر میں کہیں نہیں ہوتا قلعہ میں شہزادگانِ تیموریہ جمع ہو کر کچھ غزلخوانی کر لیتے ہیں۔ میں کبھی اس محفل میں جاتا ہوں اور کبھی نہیں جاتا۔ اور یہ صحبت خود چند روزہ ہے اس کو دوام کہاں؟ کیا معلوم ہے اب کے نہ ہو اور اب کے ہو تو آئندہ نہ ہو۔

نوٹ:۔ یہ تحریر غدر سے پہلے کی ہے۔ لال قلعہ اور اس کے باشندوں کی نسبت جس انداز سے لکھتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شہزادوں کے اطوار اور ملک کی سیاست کے رُخ کو دیکھ کر غالب نے سمجھ لیا تھا کہ اب یہ رونق چند روز کی مہمان ہے گو غدر کی خبر غالبؔ کو نہ تھی کہ غیب کا علم نہ جانتے تھے۔

پھر بھی آثار و قرائن سے انہوں نے سمجھ لیا تھا کہ انگریز اب اس بادشاہی کھلونہ کو سامنے سے ہٹا دینا چاہتے ہیں۔ جب ہی تو انہوں نے صاف صاف لکھ دیا کہ "یہ صحبت چند روزہ ہے اس کو دوام کہاں؟" اور یہ لکھ کر تو انہوں نے پیش گوئی کا کمال ظاہر کر دیا کہ "کیا معلوم اب کے نہ ہو اور اب کے ہو تو آئندہ نہ ہو" گویا غالب کو قلعہ کی تباہی کا اتنا یقین تھا کہ ایک دو سال کی قید بھی انہوں نے لگا دی۔ حسن نظامی

اب دہلی میں کون رہتا ہے؟

کہتے ہیں دلی بڑا شہر ہے۔ ہر قسم کے آدمی وہاں بہت ہوں گے۔ مگر اب یہ وہ دلی نہیں ہے بلکہ ایک کیمپ ہے۔ مسلمان اہل حرفہ یا حکام کے شاگرد پیشہ۔ باقی سراسر ہنود و معزول بادشاہ کے ذکور جو بقیۃ السیف ہیں۔ وہ پانچ پانچ روپے مہینہ پاتے ہیں اناث میں سے جو پیرزن ہیں۔ وہ کٹنیاں اور جوانیں کسبیاں۔ امرائے اسلام میں سے اموات گنو، حسن علی خاں بہت بڑے باپ کا بیٹا سو روپے کا پنشن دار، سو روپے مہینے کا روزینہ دار بنکر نامراد بن گیا میر ناصر الدین باپ کی طرف سے پیرزادہ نانا اور نانی کی طرف سے امیر زادہ مظلوم مارا گیا۔ آغا سلطان، بخشی محمد علی خاں کا بیٹا جو خود بھی بخشی ہو چکا ہے۔ بیمار پڑا۔ نہ دوا نہ غذا۔ انجام کار مر گیا۔ ناظر حسین مرزا جس کا بڑا بھائی مقتولوں میں آ گیا ہے اس کے پاس ایک پیسہ نہیں۔ ٹکے کی آمد نہیں مکان اگرچہ رہنے کو مل گیا ہے۔ مگر دیکھیئے چھٹا رہے یا ضبط ہو جائے۔ بڑے صاحب ساری املاک بیچکر نوش جان کر کے بیک بینی و دو گوش بھرتپور چلے گئے۔ ضیاء الدین کی پانسو روپے کی املاک واگزاشت ہو کر پھر قرق ہو گئی۔ تباہ خراب پھر لاہور گیا وہاں پڑا ہوا ہے۔ دیکھیئے کیا ہوتا ہے۔ قصہ کوتاہ قلعہ اور جھجر اور بہادر گڈھ اور بلب گڈھ اور

فرخ نگر کم و بیش تیس لاکھ روپیہ کی ریاستیں مٹ گئیں۔ شہر کی عمارتیں خاک میں مل گئیں۔ ہنرمند آدمی کیوں پایا جائے۔ جو حکما کا حال ہے وہ بیان واقع ہے۔

نوٹ:۔ جو لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ اب دہلی میں نہ صاحب اخلاق و مروت ہیں، نہ علم و ہنر والے ہیں، نہ امرا ہیں، نہ شعرا ہیں۔ نہ پہلے سے علما و فقرا نظر آتے ہیں۔ ان کو غالب کی یہ تحریر پڑھنی چاہئے کہ غدر نے ان سب کا خاتمہ کر دیا۔ اور ایسا تباہ کیا کہ آج تک اس شہر میں وہ پہلی سی بات پیدا نہ ہو سکی۔ اب دہلی میں دہلی والے کہاں ہیں؟ پردیسی لوگ آباد ہیں۔ دہلی والے یا تو پھانسیوں پر لٹک گئے یا جلا وطن ہو گئے۔ پھر اس غریب شہر کو بدنام کرنا اور اس کو قدیمی ناموری اور شہرت کی نظر سے دیکھنا بے عقلی نہیں تو کیا ہے؟۔

غالب نے یہ تحریر ایسے درد سے لکھی ہے کہ دل پاش پاش ہوا جاتا ہے۔ غم کا نقشہ مجسم ہو کر آنکھوں کے راستہ دل میں گھسا چلا آتا ہے۔

حسن نظامی

ہندوستان غدر کے بعد

ہندوستان کا قلمرو بے چراغ ہو گیا لاکھوں مر گئے۔ جو زندہ ہیں ان میں سینکڑوں گرفتار بند بلا ہیں۔ جو زندہ ہے اس میں مقدور زندگی نہیں۔

اب دہلی میں ساہوکاروں کے سوا کوئی امیر نہیں ہے

مسلمان امیروں میں تین آدمی۔ نواب حسن علی خاں۔ نواب حامد علی خاں حکیم احسن اللہ خاں، سو ان کا یہ حال ہے کہ روٹی ہے تو کپڑا نہیں ہے۔ معہذا یہاں کی اقامت میں تذبذب۔ خدا جانے کہاں جائیں۔ سوائے ساہوکاروں کے

یہاں کوئی امیر نہیں ہے۔

نوٹ:۔غدر کے بعد غالب نے دہلی کے مسلمان اُمرا کی تباہی کا جو جگہ جگہ نقشہ دکھایا ہے وہ آج تک اصلی خد و خال میں موجود ہے کہ خاندانی مسلمان امیر ایک نہیں۔ ساہوکار امیر ہزار ہیں۔ خواہ ہندو ہوں یا مسلمان۔ تجارت کا تمول نظر آتا ہے حکومت کی موروثی امیری خواب و خیال ہو گئی۔ حسن نظامی

نواب فرخ میرزا کا بچپن

پرسوں فرخ میرزا آیا اس کے ساتھ اس کا باپ بھی تھا۔ پوچھا کیوں صاحب میں تمہارا کون ہوں اور تم میرے کون ہو۔ ہاتھ جوڑ کر کہنے لگا۔ حضرت آپ میرے دادا اور میں آپ کا پوتا ہوں۔ پھر میں نے پوچھا کہ تمہاری تنخواہ آئی؟ کہاں جناب عالی آکا جان کی تنخواہ آگئی ہے۔ میری نہیں آئی میں نے کہا لوہارو جائے تو تنخواہ پائے کہا حضرت میں تو آکا جان سے روز کہتا ہوں کہ لوہارو چلو اپنی حکومت چھوڑ کر دلی کی رعیت میں کیوں مل گئے۔

سبحان اللہ بالشت بھر کا لڑکا اور یہ فہم درست اور طبع سلیم۔ میں اس کی خوبی خو اور فرخی سیرت پر نظر کر کے اس کو فرخ سیر کہتا ہوں۔

نوٹ:۔یہ نواب فرخ مرزا والی لوہارو کا ذکر ہے۔ جن کو برٹش گورنمنٹ سے سر کا خطاب ہے اور توپوں کی سلامی دی جاتی ہے۔ اور اعلیٰ درجہ کے والیانِ ریاست کے برابر اعزاز کیا جاتا ہے۔ درمیانہ قد ہے۔ گورا رنگ کٹورا سی آنکھیں۔ بڑی اور چڑھی ہوئی ڈاڑھی۔ بال سفید ہو گئے ہیں نہایت

خلیق وملنسار رئیس ہیں۔ اردو ایسی بولتے ہیں کہ آدمی بیٹھا حیرت سے منہ دیکھا کرے۔ مولانا شبلی حسرت سے کہا کرتے تھے کہ فرصت ہو تو فرخ میرزا کی باتیں سُنئے کہ اصل اردو ان کی باتوں میں ہے۔

غالب کے بیان سے معلوم ہوتا ہے، فرخ میرزا بچپن سے ہونہار تھے ایک فقرہ تو اس غضب کا غالب سے کہا کہ آجکل لوگ سنیں تو متعجب ہوں۔ کیونکہ جنگ یورپ کے زمانہ میں جب نواب فرخ میرزا البصرہ گئے تو عوام نے مشہور کیا کہ وہ انگریزوں کی مدد کرنے گئے ہیں اور انہوں نے اسلامی حکومت کے درد کی پروا نہ کی۔ غالب کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ فرخ میرزا طفلی سے ذاتی اور اسلامی حکومت کی خوبی کو محسوس کرتے تھے جب ہی تو انہوں نے کہا "اپنی حکومت چھوڑ کر دلی کی رعیت میں کیوں مل گئے"

مگر آفریں ہے فرخ میرزا کی بلاغت پر اس وقت بھی پہلو بچا کر بات منہ سے نکالی۔ دلی کی رعیت کہا انگریزی رعیت نہ کہا۔ حسن نظامی

اینٹ سے اینٹ بجادی

کل پنجشنبہ ۲۵ رمئی کو اول روز پہلے بڑے زور کی آندھی آئی پھر خوب مینہ برسا۔ وہ جاڑا پڑا کہ تمام کرۂ شہر زمہریر ہو گیا۔ بڑے دریبہ کا دروازہ ڈھایا گیا یا قابل عطار کے کوچہ کا بقیہ مٹایا گیا۔ کشمیری کٹرہ کی مسجد زمین کا پیوند ہو گئی۔ سڑک کی وسعت دوچند ہو گئی اللہ اللہ گنبد مسجدوں کے ڈہائے جاتے ہیں اور ہنود کی ڈیوڑھیوں کی جھنڈیوں کے پرچم لہراتے ہیں۔ ایک شیر زور آور اور پیلتن ہندر پیدا ہوا ہے۔ مکانات جا بجا ڈھاتا پھرتا ہے فیض اللہ خاں بنگش کی حویلی پر جو جو گلدستے ہیں جسکو عوام کنگری کہتے ہیں۔ انہیں

سے ہلا ہلا کر ایک ایک کی بناڈ ہادی۔ اینٹ سے اینٹ بجادی۔ واہ رے بندر یہ یادتی اور پھر شہر کے اندر۔ ریگستان کے ملک سے ایک سردار زادہ کثیر العیال عسیر الحال عربی، فارسی، انگریزی تین زبانوں کا عالم دلی میں وارد ہوا ہے بلیماروں کے محلہ میں ٹھیرا ہے۔ بحسب ضرورت حکام شہر سے مل لیتا ہے باقی گھر کا دروازہ بند کئے بیٹھا رہتا ہے۔ گاہ گاہ نہ ہر شام و پگاہ غالب علی شاہ کے تکیہ پہ آجاتا ہے۔

تم سے گورنمنٹ کو ملاقات کبھی منظور نہیں

غدر کے رفع ہونے اور دلی کے فتح ہونے کے بعد میرا پنشن کھلا۔ چڑھا ہوا روپیہ دام دام ملا۔ آئندہ کو بدستور بے کم و کاست جاری ہوا مگر لارڈ صاحب کا دربار اور خلعت جو معمولی و مقرری تھا مسدود ہو گیا۔ یہاں تک کہ صاحب سکرٹر بھی مجھ سے نہ ملے اور کہلا بھیجا کہ اب گورنمنٹ کو تم سے ملاقات کبھی منظور نہیں۔ میں فقیر متکبر مایوس دائمی ہو کر اپنے گھر بیٹھ رہا اور حکام شہر سے بھی ملنا موقوف کر دیا۔ بڑے لارڈ صاحب کے ورود کے زمانہ میں نواب لفٹننٹ گورنر بہادر پنجاب بھی دلی آئے۔ دربار کیا۔ خیر کر و مجھکو کیا ناگاہ دربار کے تیسرے دن بارہ بجے چپراسی آیا۔ اور کہا کہ نواب لفٹننٹ گورنر نے یاد کیا ہے۔ سوار ہو گیا پہلے صاحب سکرٹر بہادر سے ملا۔ پھر نواب صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ تصور میں کیا بلکہ تمنا میں بھی جو بات نہ تھی وہ حاصل ہوئی یعنی عنایت سے عنایت۔ اخلاق سے اخلاق وقت رخصت خلعت دیا اور فرمایا کہ ہم تجھ کو اپنی طرف سے از راہ محبت دیتے ہیں۔ اور مژدہ دیتے ہیں کہ لارڈ صاحب کے دربار میں بھی تیرا نمبر اور خلعت کھل گیا انبالہ دربار میں شریک ہو۔ خلعت پہن۔

نوٹ:۔ باوجود اس کے کہ حکام گورنمنٹ نے کہدیا تھا کہ ملاقات کبھی منظور نہیں پھر

غالب کے استقلال اور لگاتار جدوجہد نے اس "کبھی نہیں" کے "قلعہ" کو فتح کرلیا اور ملاقاتیں ہونے لگیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ انگریزی آئین میں قطعی فیصلہ۔ طے شدہ امر اور کبھی نہیں۔ سبھی بدل جاتے ہیں۔ اگر سامنے والا مسلسل جدوجہد کرتا ہے۔

مسٹر مارلے نے کہا تھا۔ تقسیم بنگال طے شدہ امر ہے۔ اس کی منسوخی محال ہے۔ مگر بنگالیوں کی کوشش نے اس کو منسوخ کرا کے چھوڑا حسن نظامی

غالب کی چند کتب

پنج آہنگ کے دو چھاپے ہیں ایک بادشاہی چھاپہ خانہ کا اور ایک منشی نول الدین کے چھاپے خانہ کا پہلا ناقص ہے دوسرا سراسر غلط ہے۔ ضیاء الدین خاں جاگیردار لوہارو میرے نسبتی بھائی اور میرے شاگرد رشید ہیں جو نظم و نثر میں نے کچھ لکھا وہ انہوں نے لیا۔ اور جمع کیا چنانچہ کلیات نظم فارسی چوّن پچپن جزو اور پنج آہنگ اور مہر نیم روز اور دیوان ریختہ سب مل کر سو سوا سو جزو مطلے اور مذہب اور انگریزی ابری کی جلدیں الگ الگ کوئی ڈیڑھ سو دو سو روپے کے صرف میں بنوائیں۔ میری خاطر جمع کہ کلام میرا سب ایک جا ہے۔ پھر ایک شاہزادہ نے اس مجموعہ نظم و نثر کی نقل کی۔ اب دو جگہ میرا کلام اکٹھا ہوا۔ کہاں سے یہ فتنہ برپا ہوا اور شہر لٹے وہ دونوں جگہ کا کتاب خانہ خوان یغما ہوگیا۔ ہر چند میں نے آدمی دوڑائے کہیں سے اُن میں سے کوئی کتاب ہاتھ نہ آئی۔ وہ سب قلمی ہیں۔ جناب ہنری اسٹوورٹ ریڈ صاحب کو ابھی میں خط نہیں لکھ سکتا۔ ان کی فرمائش ہے۔ اردو کی نثر انجام پائے تو اس کے ساتھ ان کو خط لکھوں مگر اردو میں میں اپنے قلم کا زور کیا صرف کروں گا۔ اور اس عبارت میں معانی نازک کیونکر بھروں گا۔

نوٹ۔ باوجود اس کسر نفسی کے غالب کی اردو میں وہ زور ہے اور وہ سلاست ہے کہ آج تک کوئی شخص ان کا ہمسر اُردو لکھنے میں پیدا نہیں ہوا۔ حسن نظامی

مقتولوں اور مہجوروں کی یاد

غم مرگ میں قلعہ نامبارک سے قطع نظر کرکے اہل شہر کو گنتا ہوں۔ مظفر الدولہ۔ میر ناصر الدین۔ میرزا عاشور بیگ میرا بھانجا اس کا بیٹا۔ احمد مرزا۔ انیس برس کا بچہ مصطفےٰ خاں ابن اعظم الدولہ اس کے دو بیٹے ارتضےٰ خاں اور مرتضےٰ خاں۔ قاضی فیض اللہ۔ کیا میں ان کو اپنے عزیزوں کی برابر نہیں جانتا تھا۔ اے لو بھول گیا۔ حکیم رضی الدین خاں۔ میر احمد حسین میکش اللہ اللہ۔ ان کو کہاں سے لاؤں۔ غم فراق حسین مرزا۔ میر مہدی۔ میر سرفراز حسین۔ میرن صاحب خدا ان کو جیتا رکھے کاش یہ ہوتا کہ جہاں ہوتے وہاں خوش ہوتے۔ گھر ان کے بے چراغ۔ وہ خود آوارہ۔ سجاد اور اکبر کے حال کا جب تصور کرتا ہوں کلیجہ ٹکڑے ٹکڑے ہوتا ہے۔ کہنے کو ہر کوئی ایسا کر سکتا ہے مگر میں علیؑ کو گواہ کرکے کہتا ہوں کہ ان اموات کے غم میں اور زندوں کے فراق میں عالم میری نظر میں تیرہ و تار ہے۔

فقیر اور ہتھیار نہ آئے

بھائی نفضلو عرب سرا میں رہتے ہیں۔ پرسوں سے آئے ہوئے ہیں۔ دوڑتے پھرتے ہیں۔ عرضیاں دیتے پھرتے ہیں۔ کوئی سنتا نہیں۔ آمد و رفت کا ٹکٹ موقوف ہو گیا۔ فقیر اور ہتھیار جس کے پاس ہوں وہ نہ آئے۔ اور باقی ہندو مسلمان عورت مرد۔ سوار پیادہ جو چاہے چلا جائے چلا آئے۔ مگر رات کو شہر میں رہنے نہ پائے وہ شور و غل تھا کہ سڑکیں نکلیں گی۔ اور گوروں کی چھاؤنی بنے گی۔ کچھ بھی نہ ہوا۔ مرہٹ کر ایک جان نثار خاں کے چھتے کی سڑک نکلی ہے۔ دلی والوں نے لکھنؤ کا خاکہ اڑا رکھا ہے کہتے ہیں کہ

لاکھوں مکان ڈہا دئے۔ اور صاف میدان کر دیا۔ میں جانتا ہوں ایسا نہ ہوا ہوگا۔

نوٹ:۔ امن عام کے بعد بھی فقیر اور ہتھیار والے کا شہر کے داخلہ سے ممنوع ہوتا ظاہر کرتا ہے کہ حکام انتظامی ضرورت سے ایسا کرنے پر مجبور تھے کیوں کہ بغاوت کے وقت اکثر باغیوں نے فقیروں کے لباس میں دورہ کرکے غدر کی آگ بھڑکائی تھی۔ حسن نظامی

امام باڑہ کا انہدام

آغا باقر کا امام باڑہ اس سے علاوہ کہ خداوند کا عزا خانہ ہے ایک بنائے قدیم۔ رفیع مشہور۔ اس کے انہدام کا غم کس کو نہ ہوگا۔ یہاں دو سڑکیں دوڑتی ہیں۔ ایک ٹھنڈی سڑک اور ایک آہنی سڑک۔ محل ان کا الگ الگ اس سے بڑھ کر یہ بات ہے کہ گوروں کا بارگ بھی شہر میں بنے گا اور قلعہ کے آگے جہاں لال ڈگی ہے۔ ایک میدان نکالا جائیگا۔ محبوب کی دکانیں۔ ببیلیوں کے گھر۔ فیل خانہ، بلاقی بیگم کے کوچہ تک سوائے لال ڈگی اور دو چار کنوں کے آثار عمارت باقی نہ رہے گی۔ آج جان نثار خاں کے چھتے کے مکان ڈہنے شروع ہو گئے ہیں۔ کیوں میں دلی کے ویرانہ سے خوش نہ ہوں جب اہل شہر ہی نہ رہے۔ شہر کو کیا چولھے میں ڈالوں۔

پشم نہیں اکھیڑ سکتا

زبان زد خلق ہے کہ قدیم نوکروں سے باز پرس نہیں مشاہدہ اس کے خلاف ہے۔ اسے لو کئے دن ہوئے کہ حمید خاں گرفتار آیا ہے۔ پاؤں میں بیڑیاں۔ ہاتھوں میں ہتھکڑیاں۔ حوالات میں ہے دیکھئے کہ حکم اخیر کیا ہو۔ صرف نونبے رائے کی مختار کاری پر قناعت کی گئی جو کچھ ہونا ہے وہ ہو رہے گا۔ ہر شخص کی سرنوشت کے موافق حکم ہوتے ہیں۔ نہ کوئی قانون

ہے نہ قاعدہ ہے۔ نہ نظیر کام آئے نہ تقریر پیش جائے۔ ارتضےٰ خاں ابن مرتضےٰ خاں کی پوری دو سو روپے کی پنشن کی منظوری کی رپورٹ گئی۔ اور ان کی دو بہنیں سو سو روپے مہینہ پانے والیوں کو حکم ہوا کہ چونکہ تمہارے بھائی مجرم تھے تمہاری پنشن ضبط۔ بطریق ترحم دس دس روپے مہینہ تم کو ملے گا۔ ترحم یہ ہے تو تغافل کیا قہر ہوگا میں خود موجود ہوں اور حکام صدر کا روشناس پشم نہیں اکھیڑ سکتا۔ ۵۳ برس کا پنشن۔ تقرر اس کا بتجویز لارڈ لیک و بمنظوری گورنمنٹ۔ اور پھر نہ ملا ہے نہ ملے گا خیر احتمال ہے ملنے کا۔

نوٹ۔ پشم کا لفظ آجکل بے تہذیبی میں داخل سمجھا جاتا ہے۔ مگر اس زمانہ میں سب لکھتے اور بولتے تھے۔ غالب نے لکھا تو دستور عام کے سبب لکھا ورنہ ان کی عادت فحش نویسی کی نہ تھی۔ حسن نظامی

سب کچھ تم

اب تو فکر یہ پڑی ہوئی ہے کہ رہیے کہاں۔ اور کھائیے کیا؟ مولانا کا حال معلوم ہوا۔ مرافعہ میں حکم دوام حبس بحال رہا۔ بلکہ تاکید ہوئی کہ جلد دریائے شور کی طرف روانہ کرو ان کا بیٹا ولایت میں اپیل چاہتا ہے۔ کیا ہوتا ہے۔ جو ہونا تھا سو ہو لیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وہ دہلی اردو اخبار کا پرچہ اگر مل جائے تو بہت مفید مطلب ہے۔ ورنہ خیر کچھ محل خوف و خطر نہیں ہے۔ حکام صدر ایسی باتوں پر نظر نہ کریں گے۔ میں نے سکہ کہا نہیں۔ اگر کہا تو اپنی جان اور حرمت بچانے کو کہا یہ گناہ نہیں۔ اور اگر گناہ بھی ہے تو کیا ایسا سنگین ہے کہ ملکہ معظمہ کا اشتہار بھی اس کو نہ مٹا سکے۔ سبحان اللہ! گولہ انداز کا بارود بنانا اور توپیں لگانی اور بنک گھر اور میگزین کا لوٹنا معاف ہو جائے اور شاعر کے دو مصرعے معاف نہ ہوں!

ہاں صاحب گولہ کا بہنوئی مددگار ہے اور شاعر کا سالہ بھی جانب دار نہیں۔

ایک لطیفہ پرسوں خوب ہوا۔ حافظ ممّو بے گناہ ثابت ہو چکے۔ رہائی پا چکے حاکم کے سامنے حاضر ہوا کرتے ہیں۔ املاک اپنی مانگتے ہیں۔ قبض و تصرف توان کا ثابت ہو چکا ہے۔ صرف حکم کی دیر۔ پرسوں وہ حاضر ہیں۔ مثل پیش ہوئی حاکم نے پوچھا کہ حافظ محمد بخش کون ہے؟ عرض کیا کہ میں پھر پوچھا کہ حافظ ممّو کون؟ عرض کیا کہ میں اصل نام میرا محمد بخش ہے۔ ممّو مشہور ہوں۔ فرمایا کچھ بات نہیں۔ حافظ محمد بخش بھی تم۔ اور حافظ ممّو بھی تم۔ سارا جہان بھی تم۔ جو دنیا میں ہے وہ بھی تم۔ ہم مکان کس کو دیں مثل داخل دفتر ہوئی۔ میاں ممّو اپنے گھر چلے آئے۔

نوٹ:۔ بات معمولی سی تھی۔ حاکم کو اس کا سمجھنا دشوار نہ تھا کہ حافظ محمد بخش نام تھا اور لوگ ممّو ممّو کہتے تھے۔ پھر جو جائداد نہ دی گئی تو غالباً کوئی اور وجہ ہوگی۔ ورنہ اتنی سی بات پر حقدار کو اس کے حق سے محروم کرنا سمجھ میں نہیں آتا۔
حسن نظامی

احکامِ قضا و قدر

سنا ہے کہ ایک محکمہ لاہور میں معاوضہ نقصانِ رعایا کے واسطے تجویز ہوا ہے۔ اور حکم یہ ہے کہ جو رعیت کا مال کالوں نے لوٹا ہے۔ البتہ اس کا معاوضہ بحساب دہ یک سرکار سے ہوگا۔ یعنی ہزار روپے کے مانگنے والے کو سو روپے ملیں گے۔ اور جو گوروں کے وقت کی غارتگری ہے وہ ہدر[1] اور مجمل ہے اس کا معاوضہ نہ ہوگا۔ شاید یہ وہی کمشنر ہوں۔ مکانات حامد علی خاں تو مدت سے ضبط ہو کر سرکار کا مال ہو گئے۔ باغ کی صورت بدل گئی محلسرا اور کوٹھی میں گورے رہتے تھے۔ اب پھاٹک اور سرتاسر دکانیں

[1] اس کے معنی معاف اور ناقابل گرفت کے ہیں۔

گرادی گئیں۔ سنگ وخشت کا نیلام کرکے روپیہ داخل خزانہ ہوا۔ جب بادشاہ اودھ کی املاک کا وہ حال ہو تو رعیت کی املاک کون پوچھتا ہے جو احکام کہ دلی میں صادر ہوئے ہیں وہ احکام قضاؤ قدر ہیں ان کا مرافعہ کہیں نہیں۔ گویا ہم نہ کبھی کہیں رئیس تھے نہ جاہ وحشم رکھتے تھے۔ نہ املاک رکھتے تھے۔

دہلی کی چنگی کے پہلے ملازم

آجکل یہاں پنجاب احاطہ کے بہت حاکم فراہم ہیں۔ پون ٹوٹی کے باب میں کونسل ہوئی پرسوں ۷ نومبر سے جاری ہوگئی سالگ رام خزانچی۔ چھنامل۔ مہیش داس ان تینوں شخصوں کو یہ کام بطریق امانی سپرد ہوا ہے۔ غلہ اور اپلے کے سوا کوئی چیز ایسی نہیں کہ جس پر محصول نہ ہو۔ آبادی کا حکم عام ہے۔ خلق کا اژدہام ہے۔ آگے حکم تھا کہ مالکان مکان رہیں کرایہ دار نہ رہیں۔ پرسوں سے حکم ہوگیا کہ کرایہ دار بھی رہیں۔ مگر کرایہ سرکار کو دیں حکام بے پروا مختار کار عدیم الفرصت میں پا شکستہ محمد قلی خاں کبھی یہاں۔ کبھی وہاں۔ وقت پہ موقوف ہے۔ حکیم احسن اللہ خاں کے مکانات شہر ان کو مل گئے اور یہ حکم ہے کہ شہر سے باہر نہ جاؤ۔ دروازہ سے باہر نہ نکلو اپنے گھر میں بیٹھے رہو۔ نواب حامد علی خاں کے مکانات سب ضبط ہوگئے۔ وہ قاضی کے حوض پر کرایہ کے مکانات میں مع ممتوعہ کے رہتے ہیں۔ باہر جانے کا حکم ان کو بھی نہیں۔ مرزا الٰہی بخش کو حکم کراچی بندر جانے کا ہے۔ انہوں نے زمین پکڑی ہے۔ سلطانجی میں رہتے ہیں عذر کررہے ہیں۔ دیکھئے یہ جبر اُٹھ جائے یا یہ خود اٹھ جائیں۔

نوٹ:۔ لالہ سالگرام وچھنامل صاحب اور مہیش داس صاحب جن کا ذکر پون ٹوٹی کی ابتدائی خدمت میں آیا بعد میں بہت نامور ہوئے۔ مہیش داس کے نام سے ایک محلہ آباد ہے۔ لالہ سالگ رام وچھنامل کی اولاد نیل کے کٹرہ میں بڑے

کروفر سے رہتی ہے اور دہلی کے اعظم رئیسوں میں اس کا شمار ہے۔ اس کے افراد کی گورنمنٹ میں بڑی عزت ہے۔ خطابات ہیں۔ لاکھوں روپے سال کی آمدنی ہے بہت صاف ستھرے، گورے چٹے اور قدامت کی شان کے یہ لوگ ہیں

حسن نظامی

تصوف اور نجوم

آرائش مضامین شعر کے واسطے کچھ تصوف کچھ نجوم لگا رکھا ہے ورنہ سوائے موزونی طبع کے یہاں اور کیا رکھا ہے بہر حال علم نجوم کے قاعدہ کے موافق جب زمانہ کے مزاج میں فساد کی صورتیں پیدا ہوتی ہیں تب سطح فلک پر یہ شکلیں دکھائی دیتی ہیں جس برج میں یہ نظر آئے اس کا درجہ و دقیقہ دیکھتے ہیں۔ ہزار طرح کی چال ڈالتے ہیں۔ تب ایک حکم نکالتے ہیں۔ شاہجہاں آباد میں بعد غروب آفتاب افق غربی شہر پر نظر آتا تھا۔ اور ان دنوں میں آفتاب اول میزان میں تھا۔ تو یہ سمجھا جاتا تھا کہ یہ صورت عقرب میں ہے۔ درجہ و دقیقہ کی حقیقت نامعلوم رہی۔ بہت دن شہر میں اس ستارہ کی دھوم رہی۔ اب وہ دس بارہ دن سے نظر نہیں آتا۔ بس میں اتنا جانتا ہوں کہ یہ صورتیں قہر الٰہی کی ہیں۔ اور دلیلیں ملک کی تباہی کی۔ قران النحسین پھر کسوف۔ پھر خسوف پھر یہ صورت پر کدورت۔

عیاذاً باللہ و پناہ بخدا۔ یہاں پہلی نومبر کو بدھ کے دن حسب الحکم حکام کوچہ و بازار میں روشنی ہوئی۔ اور شب کو کمپنی کا ٹھیکہ ٹوٹ جانا اور قلمرو ہند کا بادشاہی عمل میں آنا سنایا گیا۔

نواب گورنر جنرل لارڈ کیننگ بہادر کو ملکہ معظمہ انگلستان نے فرزند ارجمند خطاب دیا۔ اور اپنی طرف سے نائب اور ہندوستان کا حاکم کیا۔ میں قصیدہ پہلے ہی اس تہنیت میں لکھ چکا ہوں۔

میں نے گیارہویں مئی ۱۸۵۷ء سے اکتیسویں جولائی ۱۸۵۸ء تک روداد

غدر نثر میں بعبارت فارسی ناآمیختہ بعربی لکھی ہے اور وہ پندرہ سطر کے مسطر سے چار جز کی کتاب آگرہ کو مفید الخلائق میں چھپنے کو گئی ہے دستنبو اس کا نام رکھا ہے اور اس میں صرف اپنی سرگزشت اور اپنے مشاہدہ کے بیان سے کام رکھا ہے۔

دلی پر پانچ لشکروں کا حملہ

پانچ لشکر کا حملہ پے در پے اس شہر میں ہوا پہلا باغیوں کا لشکر اس میں اہل شہر کا اعتبار لٹا۔ دوسرا لشکر خاکیوں کا۔ اس میں جان و مال و ناموس و مکان و مکیں، آسمان و زمین و آثار ہستی سراسر لٹ گئے۔ تیسرا لشکر کال کا۔ اس میں ہزار ہا آدمی بھوکے مرے چوتھا لشکر ہیضہ کا اس میں بہت سے پیٹ بھرے مرے۔ پانچواں لشکر تپ کا اس میں تاب و طاقت نہ پائی اب تک اس لشکر نے شہر سے کوچ نہیں کیا۔ میرے گھر دو آدمی تپ میں مبتلا ہیں ایک بڑا لڑکا۔ ایک داروغہ۔ خدا ان دونوں کو جلد صحت دے۔

مغل خاں غدر سے کچھ دن پہلے مستسقی ہو کر مر گئے۔ ہے ہے۔ کیونکر لکھوں حکیم رضی الدین خاں کو قتل عام میں ایک خاکی نے گولی مار دی۔ اور احمد حسین خاں ان کے چھوٹے بھائی اسی دن مارے گئے۔ طالع یار خاں کے دونوں بیٹے ٹونک سے رخصت لیکر آئے تھے۔ غدر کے سبب جا نہ سکے۔ یہیں رہے۔ بعد فتح دہلی دونوں بے گناہوں کو پھانسی ملی۔ طالع یار خاں ٹونک میں ہیں۔ زندہ ہیں پر یقین ہے مردہ سے بدتر ہوں گے۔ میر چھوٹم نے بھی پھانسی پائی۔ حال صاحبزادہ میاں نظام الدین کا یہ ہے کہ جہاں سب اکابر شہر کے بھاگے تھے وہاں وہ بھی بھاگ گئے تھے بڑودہ میں رہے۔ اورنگ آباد میں رہے حیدر آباد میں رہے۔ سال گزشتہ یعنی جاڑوں میں یہاں آئے۔ سرکار سے ان کی صفائی ہو گئی لیکن صرف جان بخشی۔ روشن الدولہ کا مدرسہ جو عقب کوتوالی چبوترہ ہے وہ اور خواجہ قاسم کی حویلی جس میں مغل علی خاں مرحوم رہتے تھے وہ اور خواجہ صاحب کی حویلی یہ املاک خاص حضرت

کالے صاحب کی اور کالے صاحب کے بعد میاں نظام الدین کی قرار پاکر ضبط ہوئی اور نیلام ہو کر روپیہ سرکار میں داخل ہو گیا۔ ہاں قاسم جان کی حویلی جس کے کاغذ میاں نظام الدین کی والدہ کے نام کے ہیں وہ ان کو یعنی میاں نظام الدین کی والدہ کو مل گئی۔ فی الحال میاں نظام الدین پاک پٹن گئے۔ شاید بہاول پور بھی جائیں گے۔

نوٹ:۔ غدر کے بعد جب انگریز پنجاب سے فوج لیکر دہلی پر چڑھے تو ان کی فوج کی وردی خاکی تھی۔ اس واسطے شہر میں خاکی کا لفظ ایک اصطلاح بن گیا تھا۔ خاکی کا ذکر در حقیقت انگریزی فوج (جن میں سکھ بھی تھے اور مسلمان بھی تھے۔

میاں نظام الدین صاحب میاں کالے صاحب کے فرزند تھے ان کی جائداد اورنگ آباد دکن میں بھی ہے۔ میاں سیف الدین وغیرہ اس پر قابض ہیں۔ چالیس ہزار سالانہ کی آمدنی ہے میاں عبدالصمد صاحب دہلوی نے جو میاں نظام الدین صاحب کے نواسہ ہیں اس جاگیر کا دعوی کیا ہے اور آجکل حیدر آباد میں اس کا مقدمہ چل رہا ہے۔ حسن نظامی

غدر نہیں خدا کا قہر

غلہ کی گرانی۔ آفت آسمانی۔ امراض دموی بلائے جانی انواع و اقسام کے اورام و ثبور شائع چارہ ناسودمند وہی ضائع۔ میں نہیں جانتا کہ ۱۱ مئی ۱۸۵۷ء کو پھردن چڑھے وہ فوج باغی میرٹھ سے دلی آئی تھی یا خود قہر الہٰی کا پے در پے نزول ہوا تھا۔ بقدر خصوصیت سابق دلی ممتاز ہے ورنہ سر تا سر قلمرو ہند میں فتنہ و بلا کا دروازہ باز ہے۔ انا للہ۔

لوٹ کی کتابیں کھتریوں میں

کتاب کوئی سی ہو اس کا پتہ کیونکر لگے۔ لوٹ کا مال کھتریوں میں بک گیا۔ اور اگر ہڑک

پر بکا تو میں کہاں جو دیکھوں ؎

بہ دل نفس اندوہ گیتی بسر آرید گیرید کہ گیتی ہمہ یکسر بسر آمد

یہاں کا قصہ مختصر یہ ہے کہ قصہ تمام ہوا۔

غدر کے بعد ایک چھوٹا سا فساد

دلی کا حال تو یہ ہے ؎

گھر میں تھا کیا جو ترا غم اسے غارت کرتا وہ جو رکھتے تھے ہم اک حسرت تعمیر سو ہے

یہاں دھرا کیا ہے جو کوئی لوٹے گا۔ چند روز گوروں نے اہل بازار کو ستایا تھا۔ اہل قلم اور اہل فوج نے باتفاق رائے ہمدگر ایسا بندوبست کیا کہ وہ فساد مٹ گیا۔ اب امن و امان ہے۔

میاں کالے صاحب کی خانہ ویرانیاں

حضرت شیخ کا کلام اور صاحبزادہ شاہ قطب الدین ابن مولانا فخر الدین کا بھلا حال ؟ ایں دفتر را گاؤ خورد و گاؤ را قصاب برد و قصاب در راہ مُرد بادشاہ کے دم تک یہ باتیں تھیں۔ خود میاں کالے صاحب کا گھر اس طرح تباہ ہوا کہ جیسے جھاڑو دی۔ کاغذ کا پرزا سونے کا تار۔ پشمینہ کا بال باقی نہ رہا۔ شیخ کلیم اللہ جہاں آبادی رحمۃ اللہ علیہ کا مقبرہ اُجڑ گیا۔ کیا ایک اچھے گائوں کی آبادی تھی انکی اولاد کے لوگ تمام اس موضع میں سکونت پذیر تھے۔ اب ایک جنگل ہے اور میدان میں قبر۔ اس کے سوا کچھ نہیں وہاں کے رہنے والے اگر گولی سے بچے ہوں گے تو خدا ہی جانتا ہوگا کہ کہاں ہیں۔ ان کے پاس شیخ کا کلام بھی تھا۔ کچھ تبرکات بھی تھے اب جب یہ لوگ ہی نہیں تو کس سے پوچھوں کیا کروں۔ کہیں سے یہ مُدعا حاصل نہو سکیگا۔

نوٹ:- حضرت شیخ کلیم اللہ جہاں آبادی کا مزار پریڈ کے میدان میں جامع مسجد کے شرق کی طرف دو سو قدم کے فاصلہ پر کھلے چبوترے پر واقع ہے۔ پہلے

چونے کا چبوترہ تھا اب سید عبد الغنی کلیمی سجادہ نشین کی سعی سے سنگِ مرمر کی سلیں فرش میں لگائی گئی ہیں۔ یہ علاقہ اب تک فوجی قبضہ میں ہے اور یہاں سایہ کی جگہ بنانے کا حکم نہیں ہے۔ نمازی اور زائر نماز و زیارت کے وقت دھوپ کی تکلیف اٹھاتے ہیں۔ پہلے یہاں بڑی بڑی عمارتیں تھیں۔ حضرت شیخ کلیم اللہ۔ سلسلۂ چشتیہ نظامیہ کے بڑے نامور اور صاحبِ تصنیف بزرگ گزرے ہیں۔ تفسیر کلیمی۔ مرقع۔ کشکولِ کلیمی۔ عشرۂ کاملہ۔ ما لابد فی التصوف، مکتوبات کلیمی وغیرہ ان کی یادگار کتابیں ہیں حضرت شیخ یحییٰ مدنی چشتی کے خلیفہ تھے۔ اور حضرت نظام الدین اورنگ آبادی ان ہی کے خلیفہ اورنگ آباد میں مدفون ہیں۔

میاں کالے صاحب کا نام میاں نصیر الدین تھا جو میاں قطب الدین صاحب کے بیٹے اور حضرت مولانا فخر الدین صاحب کے پوتے تھے۔ بہادر شاہ ان کی بہت عزت کرتے تھے۔ کیونکہ ان کے والد کے مرید اور دادا کے منظورِ نظر تھے۔ ملکہ بیگم ایک شہزادی سے انہوں نے نکاح بھی کیا تھا۔ قاسم جان کی گلی میں حکیم اجمل خاں صاحب کے محلہ سے غرب کی طرف کالے صاحب کی حویلی مشہور ہے جس میں آجکل پنجابی تاجر دہلی کے رہتے ہیں۔ یہ ان ہی کی تھی۔ اور غدر میں ضبط ہوئی۔ کوتوالی اور سنہری مسجد کے قریب بھی ان کی جائداد کا ذکر غالب نے کیا ہے۔ اب ان کے نواسہ میاں عبد الصمد صاحب پنڈت کے کوچہ میں رہتے ہیں اور دہلی کے فقرا میں مشہور درویش ہیں۔ حسن نظامی

دہلی کے مفتی اعظم کی بیچارگی

جناب مولوی صدر الدین صاحب بہت

دن حوالات میں رہے۔ کورٹ میں مقدمہ پیش ہوا۔ روبکاریاں ہوئیں۔ آخر صاحبان کورٹ نے جان بخشی کا حکم دیا۔ نوکری موقوف۔ جائداد ضبط۔ ناچار خستہ و تباہ لاہور گئے فنانشل کمشنر اور لفٹنٹ گورنر نے ازراہ ترحم نصف جائداد واگزاشت کی۔ اب نصف جائداد پر قابض ہیں۔ اپنی حویلی میں رہتے ہیں۔ کرایہ پر معاش کا مدار ہے۔ اگرچہ یہ امداد ان کے گزارے کو کافی ہے کس واسطے کہ ایک آپ اور ایک بی بی تیس چالیس روپیہ کی آمد لیکن چونکہ امام بخش چپراسی کی اولاد ان کی عترت ہے اور وہ دس بارہ آدمی ہیں۔ لہذا فراغ بالی سے نہیں گزرتی۔ ضعف پیری نے بہت گھیر لیا ہے۔ عشرۂ ثامنہ کے آخر میں ہیں خدا سلامت رکھے۔ بہت غنیمت ہیں۔

نوٹ: مفتی صدر الدین صاحب صدر الصدور دہلی کے اکابر علماء و شرفا میں تھے حویلی صدر الصدور کا تختہ اب بھی میونسپل کمیٹی کی طرف سے لکھا ہوا ایک دیوار پر نظر آتا ہے۔ اور جاننے والے کو رلاتا ہے۔ مٹیا محل کے سامنے انکا مکان تھا۔ جس میں خان بہادر علامہ محمد حسین خاں رجسٹرار مرحوم کی سکونت تھی اور اب ان کی اولاد رہتی ہے۔

اللہ اللہ مسلمانوں کی غربا پروری کس شان کی تھی کہ مٹنے اور مٹائے جانے کے بعد بھی جب کہ نوّے برس کے قریب عمر تھی اور صرف چالیس روپے مہینہ گزر اوقات کے لئے باقی بچا تھا۔ مگر اپنے چپراسی کے کنبہ کو پالتے تھے۔ حسن نظامی

گردش ایام کا قیدی لفافہ بناتا تھا

اللہ اللہ! یہ دن بھی یاد رہیں گے مجھ کو اکثر اوقات لفافے بنانے

میں گزرتے ہیں۔ اگر خط نہ لکھوں گا تو لفافے بناؤں گا۔ غنیمت ہے کہ محصول آدھ آنہ ہے ورنہ مزہ معلوم ہوتا۔

بقیۃ السیف کا فکر

بعد قتل ہونے دس آدمی کے کہ ان میں عزیز بھی تھے۔ یہ سب وہاں سے نکالے گئے۔ مگر صورت نہیں معلوم کہ کیونکہ نکلے۔ پیادہ یا سوار تھے۔ تنگدست یا مالدار۔ مستورات کو تو (رتھ گاڑی) دیدی تھیں۔ ذکور کا حال کیا ہوا۔ اور پھر وہاں سے نکلنے کے بعد کیا ہوا اور کہاں رہے۔ سرکار انگریزی کی طرف سے مورد تفقد و ترحم ہیں یا نہیں۔ رنگ کیا نظر آتا ہے۔ جبر کسر کی توقع ہے یا نہیں۔ یہ سب اللہ کو معلوم ہے۔

اب کوئی دوست میرے سامنے نہ مرے

یا اللہ اب ان احباب میں سے کوئی میرے سامنے نہ مرے کیا معنی کہ جو میں مروں کوئی میرا یاد کرنے والا۔ اور مجھ پر رونے والا بھی تو دنیا میں ہو۔ مصطفیٰ خاں خدا کرے مرافعہ میں چھوٹ جائے ورنہ حبس ہفت سالہ کی تاب اس نازپروردہ میں کہاں۔ احمد حسین میکش مخنوق ہوا (پھانسی پائی) گویا اس نام کا آدمی شہر میں تھا ہی نہیں۔ پنشن کی درخواست دے رکھی ہے بشرطا اجرا بھی میرا کیا گزارہ ہوگا ہاں دو باتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ میری صفائی اور بے گناہی کی دلیل ہے، دوسرے یہ کہ موافق قولِ عوام چولہے دلدر نہ ہوگا۔

نوٹ:۔ نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ بے نظیر شاعر اور خاندانی امیر تھے۔ نواب محمد اسحٰق خاں مرحوم سابق سکرٹری علی گڑھ کالج ان کے صاحبزادہ تھے جنہوں نے ان کے کلام کا مجموعہ چھاپا ہے اور جو "حلقہ مشائخ دہلی" میں بکتا ہے اس مجموعہ میں غدر کے حالات بھی ہیں اور رہائی کا تذکرہ بھی ہے۔

نواب مصطفےٰ خاں اور ان کے لڑکے نواب محمد اسحٰق خاں اپنے خاندان سمیت درگاہِ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ میں دفن ہیں درگاہ کی بڑی مسجد کے گوشہ شمال اور سماع خانہ کے غرب میں یہ قبرستان واقع ہے۔ کتبے لگے ہوئے ہیں۔

حسن نظامی

جب شراب پر پہرہ لگا

یہاں کا حال۔ ع زمین سخت ہے آسماں دور ہے، جاڑا خوب پڑ رہا ہے۔ تونگر غرور سے، مفلس سردی سے اکڑ رہا ہے۔ آبکاری کے بندوبستِ جدید نے مارا۔ عرق کے نہ کھینچنے کی قیدِ شدید نے مارا۔ ادہر انسداد دروازہ آبکاری ہے۔ اُدہر ولایتی عرق کی قیمت بھاری ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولوی فضل رسول صاحب حیدر آباد گئے ہیں۔ مولوی غلام امام شہید آگے سے وہاں ہیں۔ محی الدولہ محمد یار خاں سورتی نے ان صورتوں کو وہاں بلایا ہے۔ پر یہ نہ معلوم کہ وہاں ان کو کیا پیش آیا ہے۔

دوستوں سے ملنے میں دشواری تھی

حکیم صاحب پر سے وہ سپاہی جوان پر متعین تھا، اٹھ گیا۔ اور ان کو حکم ہو گیا کہ اپنی وضع پر رہو۔ مگر شہر میں رہو باہر جانے کا اگر قصد کرو تو پوچھکر جاؤ۔ اور ہر ہفتہ میں ایک بار کچہری میں حاضر ہوا کرو۔ چنانچہ وہ کچے باغ کے پچھواڑے مرزا جاگن کے مکان میں آرہے۔ صفدر میرے پاس آیا تھا یہ اس کی زبانی ہے جی ان کے دیکھنے کو چاہتا ہے مگر از راہ احتیاط جا نہیں سکتا۔ مرزا بہادر بیگ نے بھی رہائی پائی۔ اب اس وقت سُنا ہے کہ وہ خانصاحب کے پاس آئے ہیں یقین ہے کہ بعد ملاقات باہر چلے جائیں گے۔ یہاں نہ رہیں گے۔

مٹنے والوں کے گھروں میں کون رہتا تھا

قاسم جان کی گلی میر خیراتی کے پھاٹک سے فتح اللہ بیگ خاں کے پھاٹک تک بے چراغ ہے۔ ہاں اگر آباد ہے تو یہ ہے

کہ غلام حسن خاں کی حویلی ہسپتال ہے۔ ورضیاء الدین خاں کے کمرہ میں ڈاکٹر صاحب رہتے ہیں اور کالے صاحب کے مکانوں میں ایک اور صاحب عالیشان انگلستان تشریف رکھتے ہیں ضیاء الدین خاں اور ان کے بھائی مع قبائل اور عشائر لوہارو میں لال کنوئیں کے محلہ میں خاک اڑتی ہے آدمی کا نام نہیں کہیں کی دکان میں کتے لوٹتے ہیں۔

۵ مجھے عوام کے نقشہ میں نہ لکھ

روز اس شہر میں اک حکم نیا ہوتا ہے کچھ سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ کیا ہوتا ہے

میرٹھ سے آکر دیکھا کہ یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے کہ گوروں کی پاسبانی پر قناعت نہیں ہے۔ لاہوری دروازہ کا تھانہ دار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے جو باہر کے گورے کی آنکھ بچا کر آتا ہے اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے۔ حاکم کے ہاں پانچ پانچ بید لگتے ہیں۔ یا دو دو روپیہ جرمانہ لیا جاتا ہے۔ آٹھ دن قید رہتا ہے اس سے علاوہ سب تھانوں پہ حکم ہے کہ دریافت کرو کون بے ٹکٹ مقیم ہے اور کون ٹکٹ رکھتا ہے۔ تھانوں میں نقشے مرتب ہونے لگے۔ یہاں کا جمعدار میرے پاس بھی آیا۔ میں نے کہا بھائی! تو مجھے نقشے میں نہ رکھ۔ میری کیفیت کی عبارت الگ لکھ۔ عبارت یہ کہ اسد اللہ خاں پنشن دار ۱۸۵۰ء سے حکیم پٹیالے والے کے بھائی کی حویلی میں رہتا ہے۔ نہ کالوں کے وقت میں کہیں گیا اور نہ گوروں کے زمانے میں نکلا۔ اور نکالا گیا۔ کرنیل برون صاحب بہادر کے زبانی حکم پہ اس کی اقامت کا مدار ہے۔ اب تک کسی حاکم نے وہ حکم نہیں بدلا۔ اب حاکم وقت کو اختیار ہے۔ پرسوں یہ عبارت جمعدار نے نقشہ کے ساتھ کوتوالی میں بھیج دی ہے۔ کل سے یہ حکم نکلا کہ یہ لوگ شہر سے باہر مکان دوکان کیوں بناتے ہیں۔ جو مکان بن چکے ہیں انہیں ڈھا دو اور آئندہ کو ممانعت کا حکم سنا دو اور یہ بھی مشہور ہے کہ پانچ ہزار ٹکٹ چھاپے گئے ہیں۔ جو مسلمان شہر میں اقامت چاہے بقدر مقدور

نذرانہ دے۔ اس کا اندازہ مقرر کرنا حاکم کی رائے پر ہے۔ روپیہ دے اور ٹکٹ لے۔ گھر برباد ہو جائے۔ آپ شہر میں آباد ہو جائیے آج تک یہ صورت ہے۔ دیکھئے شہر کے بسنے کی کون مہورت ہے جو رہتے ہیں وہ بھی اخراج کئے جاتے ہیں۔ یا جو باہر پڑے ہوئے ہیں وہ شہر میں آتے ہیں الملک للہ والحکم للہ۔

نوٹ: کیسی بیکسی میں وہ لوگ تھے جنہوں نے غدر کے بعد کا یہ دم گھوٹنے والا تماشہ دیکھا۔ اور کیسے نادان ہم لوگ ہیں کہ پھر بے امنی کی تمنائیں کرتے ہیں انسان متلون مزاج اور جلدی بھول جانے والا واقع ہوا ہے امن کی برابر دنیا میں کوئی چیز اچھی نہیں ہے۔ حسن نظامی

سوسائٹی کی بربادی کا ماتم

اس چرخ کج رفتار کا بُرا ہو۔ ہم نے اس کا کیا بگاڑا تھا۔ ملک ومال۔ جاہ جلال کچھ نہیں رکھتے تھے۔ ایک گوشہ و توشہ تھا۔ چند مفلس و بے نوا ایک جگہ فراہم ہو کر کچھ ہنس بول لیتے تھے ؎

اور تو یہاں کچھ نہ تھا ایک مگر دیکھنا
سو بھی نہ تو کوئی دم دیکھ سکا اے فلک

یہ شعر خواجہ میر درد کا ہے۔ کل سے مجھ کو میکش بہت یاد آتا ہے۔ وہ صحبتیں اور تقریریں۔ آنسوؤں سے پیاس نہیں بجھتی۔ یہ تحریر تلافی اس تقریر کا نہیں کرسکتی۔

نوٹ: میکش کے پھانسی پانے کے بعد عالمِ غم والم میں یہ تحریر لکھی گئی ہے ہائے کتنا درد حروف کے کلیجہ میں بھرا ہے۔ پڑھ کر کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ حسن نظامی

دہلی سے انتہائی محبت
اسکے اجڑنیکی خاک بھی آنکھوں میں

آنکھوں کے غبار کی وجہ یہ ہے کہ جو مکان دلّی میں ڈہائے گئے اور جہاں جہاں سڑکیں نکلیں جتنی گرد اڑی اس سب کو ازراہ محبت اپنی آنکھوں میں جگہ دی۔

نوٹ:- دہلی سے محبت کرنے کی یہ انتہائی مثال غالب نے لکھی ہے۔کہ آنکھیں دُکھنے آئیں تو اس کا سبب یہ قرار دیا کہ دہلی کے مکان اجاڑے گئے اور اُن کے مٹنے سے خاک اڑی تو اس کو آنکھوں میں بٹھا لیا۔گویا اس کے اثر سے آنکھیں دُکھنے لگیں۔

اپنے وطن سے محبت اس طرح کیا کرتے ہیں۔کوئی آجکل کے محبان وطن کو غالب کے یہ چند لفظ سُنا دیئے۔ حسن نظامی

غالب کو کنوؤں کا غم

اب اہل دہلی ہندو ہیں یا اہل حرفہ ہیں۔یا خاکی ہیں یا پنجابی ہیں۔یا گورے ہیں۔لکھنؤ کی آبادی میں کچھ فرق نہیں آیا۔ریاست تو جاتی رہی باقی ہر فن کے کامل لوگ موجود ہیں۔خس کی ٹٹّی،پُروا ہوا۔اب کہاں؟ لطف تو وہ اسی مکان میں تھا۔اب میر خیراتی کی حویلی میں وہ چھت اور سمت بدلی ہوئی ہے بہر حال میگزرد۔مصیبت عظیم یہ ہے کہ قاری کا کنواں بند ہو گیا۔لال ڈگی کے کنوئیں یک قلم کھاری ہو گئے۔خیر کھاری ہی پانی پیتے۔گرم پانی نکلتا ہے پرسوں میں سوار ہو کر کنوؤں کا حال دریافت کرنے گیا تھا۔مسجد جامع سے راجگھاٹ دروازہ تک بے مبالغہ ایک صحرا لق ودق ہے۔اینٹوں کے ڈھیر جو پڑے ہیں وہ اگر اٹھ جائیں تو ہُو کا مقام ہو جائے۔مرزا گوہر کے باغیچہ کے اس جانب کو کئی بانس نشیب تھا اب وہ باغیچہ کے صحن کے برابر ہو گیا۔یہاں تک کہ راج گھاٹ کا دروازہ بند ہو گیا۔

فصیل کے کنگورے کھلے رہتے ہیں۔ باقی سب اٹ گیا۔ آہنی سڑک کے واسطے کلکتہ دروازہ سے کابلی دروازہ تک میدان ہو گیا۔ پنجابی کٹرہ دھوبی واڑہ۔ رامجی گنج سعادت خاں کا کٹرہ۔ جرنیل کی بی بی کی حویلی رام جی داس گودام والے کے مکانات صاحب رام کا باغ او رحویلی ان میں سے کسی کا پتہ نہیں ملتا۔ قصہ مختصر شہر صحرا ہو گیا تھا اب جو کنوئیں جاتے رہے اور پانی گوہر نایاب ہو گیا تو یہ صحرا صحرائے کربلا ہو جائے گا۔ اللہ اللہ دلی والے ابتک یہاں کی زبان کو اچھا کہے جاتے ہیں واہ رے حسن اعتقاد ارے بندۂ خدا اردو بازار نہ رہا اردو کہاں۔ دلی کہاں۔ واللہ اب شہر نہیں ہے کیمپ ہے۔ چھاؤنی ہے، نہ قلعہ نہ شہر۔ نہ بازار۔ نہ نہر۔

نوٹ:۔ اس عبارت میں غالب نے دہلی کی ان شاندار عمارات کی بربادی کا نقشہ کھینچا ہے جن میں سے اکثر کے نام سے بھی اب دہلی والے واقف نہیں۔ اور میں بھی نہیں بتا سکتا کہ وہ کہاں تھیں۔

معلوم ہوتا ہے غالب کو سب سے زیادہ کنوں کے بند کر دینے کا صدمہ ہے وہ یہ سنکر کہ کنوئیں بند کئے جا رہے ہیں خود گھر سے نکلے تاکہ اپنی آنکھ سے دیکھیں۔ حالانکہ ان کا گھر سے نکلنا آجکل کی طرح کوئی معمولی بات نہ تھی۔ مشرق والے خصوصاً ہندوستان اور دہلی والے کنوؤں کے پانی کو بہت پسند کرتے ہیں اور ان کو نلوں کے پانی سے کسی قسم کی محبت نہیں ہے حضرت اکبر الہ آبادی (مرحوم) کسی ایک جگہ لکھتے ہیں۔

حرف پڑھنا پڑا ہے ٹائپ کا | پانی پینا پڑا ہے پائپ کا
پیٹ چلتا ہے، آنکھ آئی ہے | کنگ جارج کی دہائی ہے

انگریزوں نے حفظ صحت کے خیال سے کنوئیں بند کئے تھے کہ ان کا

پانی جلد خراب ہو جاتا ہے۔ مگر اہل مشرق اپنی پرانی عادات کے خلاف کسی مصلحت کو قبول کرنا نہیں چاہتے۔

تحریر کے شروع میں غالب نے دہلی کی آبادی کے بارہ میں سچ لکھا ہے کہ غدر کے بعد ایسی جماعتیں وہاں آکر آباد ہو گئی تھیں جن کو زبان اور تہذیب و علم سے کچھ سروکار نہ تھا۔ اس لئے آجکل دہلی کی بگڑی ہوئی زبان پر اعتراض کرنا بھی فضول ہے کہ یہ زبان اہل دہلی کی نہیں ہے وہ تو پھانسی پا گئے اور جو لوگ یہ زبان بولتے ہیں وہ دہلی والے نہیں ہیں پردیسی ہیں۔

حسن نظامی

دہلی کی بہاروں کا فشار اور غالب کی آہ شرربار

دہلی کی ہستی منحصر کئی ہنگاموں پر ہے۔ قلعہ۔ چاندنی چوک۔ ہر روز مجمع بازار مسجد جامع کا ہر ہفتہ سیر جمنا کے پل کی ہر سال میلہ پھول والوں کا۔ یہ پانچوں باتیں اب نہیں۔ پھر کہو دلی کہاں۔ ہاں کوئی شہر قلمرو ہند میں اس نام کا تھا۔ نواب گورنر جنرل بہادر ۱۵ر دسمبر کو یہاں داخل ہوں گے۔ دیکھئے کہاں اُترتے ہیں اور کیونکر دربار کرتے ہیں آگے کے درباروں میں سات جاگیر دار تھے کہ ان کا الگ الگ دربار ہوتا تھا جھجر بہادر گڈھ۔ بلب گڈھ۔ فرخ نگر۔ دوجانہ۔ پاٹودی۔ لوہارو۔ چار معدوم۔ محض ہیں جو باقی رہے اس میں سے دوجانہ ولوہارو تحت حکومت ہانسی حصار پاٹودی حاضر۔ اگر ہانسی حصار کے صاحب کمشنر بہادر ان دونوں کو یہاں لے آئے تو تین رئیس ورنہ ایک رئیس دربار عام والے مہاجن لوگ سب موجود۔ اہل اسلام میں سے صرف تین آدمی باقی ہیں میرٹھ میں ہیں مصطفےٰ خاں سلطان جی میں مولوی صدرالدین خاں۔ بلی ماروں میں سگ دنیا موسوم اسد تینوں مردود و مطرود و محروم و مغموم

توڑ بیٹھے جبکہ ہم جام و سبو پھر ہم کو کیا   آسمان سے بادۂ گلفام گر برسا کرے

جان نثار خاں کے چھتے کا ڈھنا۔ خان چند کے کوچہ کا سڑک بننا۔ بلاقی بیگم کے کوچہ کا مسمار ہونا۔ جامع مسجد کے گرد ستر بہتر گز میدان نکلنا۔ اور غالب افسردہ دل۔

نوٹ:۔ دہلی کی پانچ بہاروں کا کس درد سے ذکر کرتے ہیں۔ چاندنی چوک کی وہ رونق جاتی رہی۔ قلعہ میں گورے آباد ہوگئے۔ جمنا کے پُل کی سیر کا اب کسی کو خیال بھی نہیں آتا۔ پہلے وہاں آٹھویں دن میلہ لگتا تھا۔ جامع مسجد کے سامنے شام کو اب بھی بازار لگتا ہے۔ مگر پہلی سی بہار نہیں ہے۔ پھول والوں کی سیر اب بھی سال بسال ہوتی ہے لیکن اگلی سی آن بان کہاں۔

جھجر والے نواب اور بلب گڈھ کے راجہ نے غدر کے بعد دہلی میں پھانسی پائی۔ جھجر ضلع رہتک میں شامل ہوا۔ اور بہادر گڑھ بھی۔ اور بلب گڈھ ضلع گڑگانوہ کو دے دیا گیا۔

یہ عبارت غالباً ۱۸۵۹ء کے آخر میں لکھی گئی ہے۔ کیونکہ گورنر نے میرٹھ میں دربار دسمبر ۱۸۵۹ء میں کیا تھا۔ جس کا ذکر غالب نے کیا ہے۔

آخر کی عبارت اس قدر دردناک ہے کہ پتھر کا کلیجہ رکھنے والا بھی بے اختیار رو دیگا۔ خبر نہیں غالب کے دل پر کیا کیا اثر یہ انقلابات پیدا کرتے ہوں گے۔ جب ہی تو ان کے قلم سے یہ مجروح کرنے والے الفاظ نکلے ہیں۔

حسن نظامی

برٹش طرزِ حکومت پر چوٹ

سنتے ہیں کہ نومبر میں مہاراجہ کو اختیار ملیگا۔ مگر وہ اختیار ایسا ہوگا۔ جیسا خدا نے خلق کو دیا ہے۔ سب کچھ اپنے قبضۂ قدرت میں رکھا۔ آدمی کو بدنام کیا ہے۔

نوٹ: یہاں مہاراجہ الور کے اختیار کا ذکر کرتے ہیں۔ مگر برطانی آئین سلطنت پر ایک پر لطف ضرب بھی لگاتے ہیں۔ کہ وہ والیانِ ریاست کو ایسا اختیار دیتا ہے جیسا خدا نے بندوں کو اختیار دیا ہے۔ کہ مجبور بھی ہیں اور مختار بھی۔

غالب نے اُس وقت یہ عبارت لکھی کہ مشرقی آئین سلطنت لوگوں کے دل و دماغ پر مسلط تھے اور خلقت انہی کو اچھا سمجھتی تھی۔ آج وہ زندہ ہوتے تو مان جاتے کہ پرانا دستور امن کے لئے اتنا مفید نہ تھا جتنا نیا آئین ثابت ہوا۔ والیان ریاست کو مطلق العنان کر دینے کا نتیجہ یہ ہوتا تھا۔ کہ وہ ہمیشہ بغاوتیں کرتے رہتے تھے۔ اور سلطنت کو بھی دشواریاں پیش آتی تھیں اور رعایا بھی تباہ ہوتی تھی۔ انگریزوں کے آئین جدید نے اس خرابی کا قطعی سدِ باب کر دیا۔ اور اب غدر ۵۷ء کے بعد سے کسی ریاست کو سرکشی و بغاوت کا حوصلہ نہ ہو سکا اور ملک میں امن قائم ہو گیا۔ اس واسطے ہر شخص برٹش آئین کے اس عاقلانہ حصہ کو امن کے خیال سے پسند کرتا ہے اور یہ بُرائی کی چیز نہیں سمجھی جاتی۔ حسن نظامی

تاج محل کی رہائی

چوک میں بیگم کے باغ کے دروازہ کے سامنے حوض کے پاس جو کنواں تھا اس میں سنگ و خشت و خاک ڈال کر بند کر دیا بلیماروں کے دروازہ کے پاس کئی دوکانیں ڈہا کر راستہ چوڑا کر لیا شہر کی آبادی کا حکم خاص و عام کچھ نہیں ہے۔ پنشن داروں سے حاکموں کا کام کچھ نہیں۔ تاج محل۔ مرزا قیصر۔ مرزا جوان بخت کے سالے ولایتی علی بیگ اور جے پور کی زوجہ ان سب کی الہ آباد سے رہائی ہو گئی۔ دیکھئے کیمپ میں رہیں یا لندن جائیں۔ خلق نے از روئے قیاس جیسا کہ دلی کے خبر تراشوں کا دستور ہے

یہ بات اڑادی ہے۔ سو سارے شہر میں مشہور ہے کہ جنوری شروع سال ۱۸۵۹ء میں عموماً شہر میں آباد کئے جاویں گے۔

نوٹ:۔ یہ عبارت ۱۲ دسمبر ۱۸۵۸ء کی لکھی ہوئی ہے۔ تاج محل بہادر شاہ کی بیگم تھیں۔ زینت محل کا کمرہ لال کنوئیں اور فراش خانہ کے وسط میں سیر بازار واقع ہے۔ اس کے شاندار دروازہ پر بہادر شاہ کی کہی ہوئی اور خاص ان کی ہاتھ کی لکھی ہوئی تاریخ کندہ ہے۔ یہ عالیشان عمارت آجکل مہاراجہ پٹیالہ کے قبضہ میں ہے۔ غدر کے ایام میں جو امداد انہوں نے انگریزی فوج کی کی تھی اس کے انعام میں یہ مکان ان کو دیا گیا تھا۔

تاج محل کا خوبصورت مکان کٹرہ خوش حال رائے میں تھا کہ جو ہندوؤں کے مشہور محلہ مالی واڑہ کے قریب واقع ہے۔ یہ مکان اب بھی موجود ہے اور اس میں دہلی کے مشہور ساہوکار لالہ رام کشن داس رہتے ہیں جن کے ہاں چاندی سونے کا بیپار ہوتا ہے۔ لالہ صاحب نے اس کی قدامت کی خوبصورتی کو بھی باقی رکھا ہے اور جدید خوشنما اضافے بھی کئے ہیں۔ مگر زینت محل کے کمرہ میں ریاست پٹیالہ نے کوئی ترقی نہیں کی بلکہ سابق کے آثار میں بھی بوسیدگی واقع ہو رہی ہے اور یہ تاریخی مکان چند دن کا مہمان ہے۔ (۱۹۳۶ء میں اس کی بہت اچھی مرمت کرادی گئی ہے) حسن نظامی

جامع مسجد کی رہائی

مسجد جامع واگزاشت ہوئی۔ چیلی قبر کی طرف سیڑھیوں پر کبابیوں نے دو دکانیں بنالیں۔ انڈا، مرغی، کبوتر بکنے لگا۔ دس آدمی مہتمم ٹھہرے مرزا الٰہی بخش۔ مولوی صدرالدین۔ تفضل حسین خاں۔

تین یہ۔ سات اور ۔ ۷ر نومبر۔ ۱۴ر جمادی الاوّل سالِ حال جمعہ کے دن ابو ظفر سراج الدین بہادر شاہ قید فرنگ و قیدِ جسم سے رہا ہوئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

نوٹ ۱:۔ جامع مسجد دہلی کے واگزاشت کرانے میں خان بہادر شیخ الہٰی بخش صاحب سی آئی ای مرحوم رئیس میرٹھ نے دولاکھ روپیہ یا اسی کے قریب سرکار کو دیا تھا جب اس کو رہا کیا گیا تھا۔ فتح دہلی کے بعد جامع مسجد میں گورے سپاہی رہتے تھے۔

جامع مسجد ایام غدر میں باغیوں کا مرکز سمجھی گئی تھی۔ جب انگریزی فوج نے پہلا دھاوا شہر پر کیا تو وہ جامع مسجد تک آگئی تھی۔ مگر جمعہ کی نماز کے لئے جو مسلمان اس وقت وہاں جمع ہوئے تھے انہوں نے باہر نکل کر فوج سے مقابلہ کیا۔ اور ایسے لڑے کہ فوج کو کشمیری دروازہ تک واپس جانا پڑا اور دوسرے دن دوبارہ حملہ کرکے دہلی فتح کر لی۔ جمعہ کی لڑائی میں میرے والد موجود تھے۔ ان سے میں نے یہ قصہ سنا اور یہی وجہ جامع مسجد کے فوجی قبضہ کی تھی۔ (میرٹھ والوں کے امداد دینے کی بات بعد کی تحقیق سے غلط ثابت ہوئی)

حسن نظامی

میکش پھانسی سے پہلے

میکش چین میں ہے۔ باتیں بناتا پھرتا ہے سلطانجی میں تھا اب شہر میں آگیا ہے۔ دو تین بار میرے پاس بھی آیا۔ پانچ سات دن سے نہیں آیا۔ کہتا تھا بی بی کو لڑکے کو بہرام پور میر وزیر علی کے پاس بھیج دیا ہے۔ خود یہاں لوٹ کی کتابیں خرید تا پھرتا ہے۔

نوٹ ۲:۔ یہ تحریر اس وقت کی ہے جبکہ میکش زندہ تھے۔ اور غدر کی شرکت کا ان پر

الزام نہ لگایا گیا تھا۔ درگاہ حضرت سلطان جیؒ میں رہتے تھے۔ مگر بعد میں ان کو بغاوت کے شبہ میں گرفتار کیا گیا۔ اور پھانسی دی گئی۔ اسی روزنامچہ میں غالب نے کہیں اس کا ذکر کیا ہے۔

میکش کے باپ گولی سے قتل ہوئے اور ان کو پھانسی دی گئی۔ حسن نظامی

کشمیری کٹرہ کی مسماری

کشمیری کٹرہ گر گیا ہے، وہ اونچے اونچے در، اور وہ بڑی بڑی کوٹھریاں دو رویہ نظر نہیں آتیں کہ کیا ہوئیں۔

نوٹ: پریڈ کے میدان کو دربار ۱۹۱۱ء کے ایام میں جب ہموار کیا جا رہا تھا تو سینکڑوں مکانات کے آثار دبے ہوئے نکلتے تھے۔ یہاں تک کہ چارپائیوں کے پایہ۔ آٹا گوندھنے کے کونڈے اور گھروں کے برتنے کی چیزیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ جب یہاں کے بازار اور محلے مسمار کئے گئے تو رہنے والوں کا سامان بھی اس میں دب گیا۔

خیال یہ تھا کہ گنجان محلوں اور بازاروں کا توڑنا ہوا صاف کرنے کے لئے تھا۔ مگر ۱۹۱۱ء میں یہ نشانیاں دیکھ کر کہا جاتا تھا کہ مسماری جوش انتقام سے بھی تعلق رکھتی تھی۔ جب ہی تو اس بے دردی سے خانہ داری کے اسباب کو بھی ملیا میٹ کر دیا گیا۔ اور یہی وجہ ہے کہ غالب جب اس تباہی کا ذکر لکھتے ہیں تو ان کا قلم آنسو بہاتا جاتا ہے۔ حسن نظامی

جب دہلی پر ٹیکس لگائے گئے

شہر میں "پون ٹوٹی" کوئی چیز ہے وہ جاری

ہوگئی ہے۔سوائے اناج اور اپلے کے کوئی چیز ایسی نہیں جس پر محصول نہ لگا ہو۔جامع مسجد کے گرد پچیس پچیس فیٹ گول میدان نکلے گا۔دکانیں۔حویلیاں ڈہائی جاویں گی۔دارالبقا فنا ہوجائیگی رہے نام اللہ کا۔خان چند کا کوچہ شاہ بولا کے بڑھ تک ڈہئے گا۔دونوں طرف پھاوڑہ چل رہا ہے۔

نوٹ:۔پون ٹوٹی (چونگی) کوئی چیز ہے۔کہہ کر غالب نے تڑپا دیا۔طعن کا نہایت پر لطف انداز ہے۔سوائے اناج اور اپلے کے ہر چیز پر ٹیکس (محصول) لگ جانا غالب جیسے شخص نے یقیناً نہایت حقارت سے محسوس کیا ہوگا چار پانچ فقروں میں نئی حکومت کے طرز حکمرانی کو بیان کر دینا غالب ہی کا کام تھا۔حسن نظامی

دہلی کے غارت شدہ بازار

شہر ڈھ رہا ہے۔بڑے بڑے نامی بازار خاص بازار اردو بازار اور خانم کا بازار کہ ہر ایک بجائے خود ایک قصبہ تھا اب پتہ بھی نہیں کہ کہاں۔سنئے صاحبان امکنہ و دکاکین نہیں بتا سکتے کہ ہمارا مکان کہاں تھا اور دکان کہاں تھی۔برسات بھر مینہ نہیں برسا۔آپ تیشہ اور کالند کی طغیانی سے مکانات گر گئے۔غلہ گراں ہے۔موت ارزاں ہے۔موے کے مول اناج بکتا ہے۔ماش کی دال آٹھ سیر۔باجرہ بارہ سیر۔گیہوں ۱۳ سیر۔چنے ۱۶ سیر۔گھی ڈیڑھ سیر۔

نوٹ:۔یہ تینوں بازار دریا گنج (فیض بازار) کی سڑک کے خاتمہ سے شروع ہوتے تھے۔جہاں اب پریڈ باغ۔ایڈورڈ پارک۔وکٹوریہ ہسپتال اور پریڈ کا میدان واقع ہے۔(اب یہاں اردو بازار بن گیا ہے)

اس وقت کی گرانی جس کا حال لکھکر غالب حیران ہیں آجکل کی گرانی کے

مقابلہ میں ارزانی ہے۔ اب ماش کی دال ۳ سیر۔ گندم ۴ سیر۔ باجرہ ۴ سیر۔ اور گھی آدھ سیر ہے (یہ نرخ پہلی اشاعت کے وقت کا ہے۔) حسن نظامی

بہادر شاہ پر سکہ کہنے کا الزام

سکہ کا وار تو مجھ پر ایسا چلا کہ جیسے کوئی چھرا یا کوئی گراب کس سے کہوں کس کو گواہ لاؤں۔ یہ دونوں سکے ایک وقت میں کہے گئے ہیں۔ یعنی جب بہادر شاہ تخت پر بیٹھے تو ذوق نے یہ دونوں سکے کہکر گزارنے بادشاہ نے پسند کئے۔ مولوی محمد[1] باقر جو ذوق کے معتقدین میں سے تھے۔ انہوں نے اپنے دلی اردو اخبار میں یہ دونوں سکے چھاپے۔ اس سے علاوہ اب وہ لوگ بھی موجود ہیں کہ جنہوں نے اس زمانہ میں مرشد آباد اور کلکتہ میں یہ سکے سُنے ہیں۔ اور ان کو یاد ہیں۔ اب یہ دونوں سکے سرکار کے نزدیک میرے کہے ہوئے اور گزرانے ہوئے ثابت ہوئے۔ میں نے ہر چند قلمرو ہند میں دلی اردو اخبار کا پرچہ ڈھونڈھا۔ کہیں ہاتھ نہ آیا۔ یہ دھبہ مجھ پر رہا۔ پنشن بھی گئی۔ اور وہ ریاست کا نام و نشان، خلعت و دربار بھی مٹا۔

نوٹ:۔ سکہ کی حقیقت لکھنے میں جو سادہ پر اثر اور شاعرانہ تلازمہ برتا گیا ہے وہ زبان غالب کا بہترین نمونہ ہے ناظرین غور سے دیکھیں۔ حسن نظامی

داغ دار دہلی

رفع فتنہ و فساد اور بلاد میں مُسلّم۔ یہاں کوئی طرح آسائش کی

[1] مولوی محمد باقر غالباً شمس العلماء مولانا محمد حسین آزاد کے والد یا کوئی عزیز ہوں گے۔ ان کے اردو اخبار کا ذکر غدر کے اکثر حالات میں آتا ہے۔ (حسن نظامی)

نہیں ہے۔ اہل دہلی عموماً برے ٹھہر گئے۔ یہ داغ ان کی جبین حال سے عموماً مٹ نہیں سکتا۔

دہلی میں مارشل لا

رہنا شہر میں بے حصول اجازت حاکم احتمال ضرر رکھتا ہے۔ اگر خبر نہ ہو تو نہ ہو۔ اگر خبر ہو جائے تو البتہ قباحت ہے۔ دلی کی عملداری میرٹھ و آگرہ اور بلاد شرقیہ کے مثل نہیں ہے۔ یہ پنجاب احاطہ میں شامل ہے۔ نہ قانون نہ آئین۔ جس حاکم کی جو رائے میں ہو وہ ویسا ہی کرے۔

نوٹ:۔ غالب نے مارشل لا کے چہرہ کو جگہ جگہ جس اختصار اور جس احتیاط مگر جس بیباکی سے لکھا ہے وہ آجکل کے سیاست نگاروں کے لئے قابل تقلید ہے حسن نظامی

امن کے اشتہار کے بعد

حکم عفو تقصیر عام ہو گیا ہے۔ لڑنے والے آتے جاتے ہیں اور آلات حرب و پیکار دیکر توقیع آزادی پاتے ہیں۔

نوٹ:۔ یہ عبارت ۱۰ نومبر ۱۸۵۸ء کو لکھی گئی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سب باغیوں کو امن مل گیا تھا۔ مگر اس کے بعد ۱۸۵۹ء اور ۱۸۶۰ء تک غالب کی بعض تحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ دہلی کے اندر مسلمانوں کو بغیر ٹکٹ کے آنے کی اجازت نہ تھی غالباً انتظاماً بعض حکام مقامی نے ایسا کیا ہو گا۔ ورنہ ملکہ وکٹوریہ امن عام کا اشتہار دے چکی تھیں جو ۱۸۵۸ء میں شائع ہو گیا تھا۔ حسن نظامی

امدادی خرچ

چند اشخاص کو اس بائیس مہینے میں سال بھر کا روپیہ بطریق مدد خرچ مل گیا باقی چڑھتے ہوئے روپے کے باب میں اور آیندہ ماہ بماہ ملنے کے واسطے ابھی کچھ حکم نہیں ہوا۔ سوال امیر خسروؒ کی انملی ہے "چیل بسولا لے گئی تو کاہے سپٹکوں راب" علی بخش خاں پچیس روپے مہینہ پاتے تھے۔ بائیس مہینے کے گیارہ سو روپے ہوتے ہیں۔ ان کو چھ سو روپے مل گئے۔ باقی روپیہ چڑھا رہا۔ آیندہ ملنے میں کچھ کلام نہیں۔ غلام حسن خاں سو روپے مہینے کا پنشن دار۔ بائیس مہینے کے بائیس سو روپے ہوتے ہیں۔ اس کو بارہ سو ملے۔ دیوان کشن لال کا ڈیڑھ سو روپے مہینہ۔ بائیس مہینے کے تین ہزار تین سو ہوتے ہیں۔ اس کو اٹھارہ سو ملے۔ منا جمعدار دس روپے مہینے کا سکھ لمبر سال بھر کے ایک سو بیس لے آیا اسی طرح پندرہ سولہ آدمیوں کو ملا ہے۔ آیندہ کے واسطے کسی کو کچھ حکم نہیں۔ مجھ کو پھر مدد خرچ نہیں ملا۔ جب کئی خط پر خط لکھے تو اخیر خط پر صاحب کمشنر بہادر نے حکم دیا کہ سائل کو بطریق مدد خرچ سو روپے مل جاویں میں نے وہ سو روپے نہ لئے۔ اور پھر صاحب کمشنر بہادر کو لکھا کہ میں باسٹھ روپے آٹھ آنے مہینہ پانیوالا ہوں۔ سال بھر کے ساڑھے سات سو روپے ہوتے ہیں سب پنشن داروں کو سال بھر کا روپیہ مجھ کو سو روپے کیسے ملتے ہیں۔ مثل اوروں کے مجھے بھی سال بھر کا روپیہ مل جاوے۔ ابھی اس میں کچھ جواب نہیں ملا۔ آبادی کا یہ رنگ ہے کہ ڈھنڈھورا پٹوا کر ٹکٹ چھپوا کر اجرٹن صاحب بہادر بطریق ڈاک کلکتہ چلے گئے۔ دلی کے متفاجو باہر پڑے ہوئے ہیں منہ کھول کر رہ گئے۔ اب جب وہ معاودت کریں گے تب شاید آبادی ہوگی۔ یا کوئی اور نئی صورت نکل آئے۔

نوٹ:۔ یہ تحریر یہ فروری ۱۸۵۹ء کی ہے۔ اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ

۱۸۵۸ء میں اشتہار امن کے بعد بھی حکام انتظامی نے دہلی کے آباد ہونے میں احتیاط کی تھی۔ حسن نظامی

دربار میں غالب تھے اور مہاجن

رگ قلم کی خونابہ فشانی۔ دیکھو۔ گورنمنٹ اعظم نے میرٹھ میں دربار کا حکم دیا۔

صاحب کمشنر بہادر دہلی نے سات جاگیرداروں میں سے جو تین بقیۃ السیف تھے۔ ان کو حکم دیا اور دربار عام میں سے سوائے میرے کوئی نہ تھا۔ یا چند مہاجن۔ مجھ کو حکم نہ پہنچا۔ جب میں نے استدعا کی تو جواب ملا کہ اب نہیں ہو سکتا۔ میں اپنی عادت قدیم کے موافق خیمہ گاہ میں پہنچا۔ مولوی اظہار حسین خاں صاحب بہادر سے ملا۔ چیف سکریٹر بہادر کو اطلاع کی جواب آیا کہ فرصت نہیں۔ میں سمجھا کہ اس وقت فرصت نہیں، دوسرے دن پھر گیا میری اطلاع کے بعد حکم ہوا کہ ایام غدر میں تم باغیوں سے اختلاط رکھتے تھے۔ اب گورنمنٹ سے کیوں ملنا چاہتے ہو؟ اس دن چلا آیا۔ دوسرے دن میں نے انگریزی خط ان کے نام لکھ کر ان کو بھیجا۔ مضمون یہ کہ باغیوں سے میرا اختلاط مظنۂ محض ہے۔ امیدوار ہوں کہ اس کی تحقیقات ہو۔ تاکہ میری صفائی اور بیگناہی ثابت ہو۔ یہاں کے مقامات پر جواب نہ ہوا۔ اب ماہ گزشتہ یعنی فروری میں پنجاب کے ملک سے جواب آیا کہ لارڈ صاحب بہادر فرماتے ہیں کہ ہم تحقیقات نہ کریں گے۔ پس یہ مقدمہ طے ہوا۔ دربار و خلعت مسدود۔ پنشن موقوف وجہ نامعلوم لاموجود الا اللہ ولا موثر فی الوجود الا اللہ۔ ۱۸۵۵ء میں نواب یوسف علی خاں بہادر والئے رامپور کہ میرے آشنائے قدیم ہیں، اس سال ۱۸۵۵ء میں میرے شاگرد ہوئے۔ ناظم ان کو تخلص دیا گیا۔ بیس پچیس غزلیں اردو کی بھیجتے۔ میں اصلاح دیکر بھیج دیتا۔ کچھ روپیہ ادھر سے آتا رہتا۔ قلعہ کی تنخواہ جاری انگریزی پنشن کھلا ہوا۔

ان کے عطایا۔ فتوح گنے جاتے تھے۔ جب یہ دونوں تنخواہیں جاتی رہیں تو زندگی کا مدار ان کے عطیہ پہ رہا۔ بعد فتح دہلی وہ ہمیشہ میرے مقدم کے خواہاں رہتے تھے۔ میں غدر کرتا تھا۔ جب جنوری ۱۸۶۰ء میں گورنمنٹ سے وہ جواب پایا کہ اوپر لکھ آیا ہوں تو میں آخر جنوری میں رامپور گیا۔ چھ سات ہفتے وہاں رہکر دلی آیا۔

غالب کے استقلال نے فتح پائی

۱۸۶۰ء میں لارڈ صاحب بہادر نے میرٹھ میں دربار کیا۔ صاحب کمشنر بہادر دہلی کو ساتھ لے گئے۔ میں نے پوچھا کہ میں بھی چلوں۔ فرمایا کہ نہیں۔ جب لشکر میرٹھ سے دلی میں آیا موافق اپنے دستور کے روز ورود لشکر مخیم میں گیا۔ میر منشی صاحب سے ملا۔ ان کے خیمہ سے اپنے نام کا ٹکٹ صاحب سکرٹر بہادر کے پاس بھیجا۔ جواب آیا کہ تم غدر کے زمانہ میں بادشاہی باغی کی خوشامد کیا کرتے تھے اب گورنمنٹ کو تم سے ملنا منظور نہیں ہیں گدا مبرم اس حکم پر ممنوع نہ ہوا۔ جب لارڈ صاحب بہادر کلکتہ پہنچے۔ میں نے قصیدہ حسب معمول قدیم بھیجدیا۔ مع اس حکم کے واپس آیا کہ آپ یہ چیزیں ہمارے پاس نہ بھیجا کرو۔ میں مایوس مطلق ہو کر بیٹھ رہا۔ اور حکام شہر سے ملنا ترک کیا۔ واقع اواخر ماہ گزشتہ یعنی فروری ۱۸۶۲ء نواب لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب دلی آئے۔ اہالیانِ شہر صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر و صاحب کمشنر کے پاس دوڑے اور اپنے نام لکھوائے۔ میں تو بیگانہ محض اور مطرود حکام تھا۔ جگہ سے نہ ہلا۔ کسی سے نہ ملا۔ دربار ہوا۔ ہر ایک کا ہنگامہ ہوا۔ شنبہ ۸ فروری کو آزادانہ منشی من پھول سنگھ صاحب کے خیمہ میں چلا گیا۔ اپنے نام کا ٹکٹ صاحب سکرٹر بہادر پاس بھیجا بلا یا گیا۔ مہربان پاکر نواب صاحب کی ملازمت کی استدعا کی۔ وہ بھی حاصل ہوئی۔ دو حاکم جلیل القدر کی وہ عنایتیں دیکھیں جو میرے تصور میں بھی نہ تھیں۔ بقیہ روداد یہ ہے کہ دوشنبہ دوم مارچ کو سواد شہر مخیم خیام گورنری

ہوا۔ آخر روز میں اپنے شفیق قدیم جناب مولوی اظہار حسین خاں بہادر کے پاس گیا۔ اثنائے گفتگو میں فرمایا کہ تمہارا دربار و خلعت بدستور بحال و برقرار ہے۔ متحیرانہ میں نے پوچھا کہ حضرت کیونکر؟ حضرت نے کہا کہ حاکم حال نے ولایت سے آکر تمہارے علاقہ کے سب کاغذ انگریزی و فارسی دیکھے۔ اور با جلاس کونسل حکم لکھوایا کہ اسداللہ خاں کا دربار اور نمبر اور خلعت بدستور بحال و برقرار رہے۔ میں نے پوچھا کہ حضرت یہ امر کس اصل پر متفرع ہوا؟ فرمایا کہ ہم کو کچھ معلوم نہیں بس اتنا جانتے ہیں کہ یہ حکم دفتر میں لکھوا کر ۱۴ دن یا ۱۵ دن بعد ادہر کو روانہ ہوئے ہیں میں نے کہا سبحان اللہ ؎

کارساز ما بفکر کار ما　　فکر ما در کار ما آزار ما

سہ شنبہ ۲۳ مارچ کو ۱۲ بجے نواب لفٹنٹ گورنر بہادر نے مجھ کو بلایا۔ خلعت عطا کیا۔ اور فرمایا کہ لارڈ صاحب بہادر کے ہاں کا دربار و خلعت بھی بحال ہے۔ انبالے جاؤ گے تو دربار و خلعت پاؤ گے۔ عرض کیا گیا حضور کے قدم دیکھے۔ خلعت پایا۔ لارڈ صاحب بہادر کا حکم سن لیا۔ نہال ہو گیا۔ اب انبالے کہاں جاؤں جیتا رہا تو اور دربار میں کامیاب ہو رہوں گا ؎

کار دنیا کسے تمام نہ کرد　　ہر چہ گیرید مختصر گیرید

سر ولیم میور اور غالب

پنشن قدیم اکیس مہینہ سے بند۔ اور میں سادہ دل فتوح جدید کا آرزومند۔ پنشن کا احاطہ پنجاب کے حکام پر مدار ہے۔ سو ان کا یہ شیوہ اور یہ شعار ہے کہ روپیہ دیتے ہیں، نہ جواب نہ مہربانی، نہ عتاب، خیر اس سے قطع نظر کی۔ ۱۸۵۶ء سے بموجب تحریر وزیر اودھ عطیۂ شاہی کا امیدوار ہوں۔ تقاضا کرتے ہوئے شرماؤں۔ اگر گنہگار ٹھہرتا تو گولی یا پھانسی سے مرتا۔ اس بات پر کہ میں بے گناہ ہوں مقید اور مقتول نہ ہونے سے آپ اپنا

گواہ ہوں۔ پیشگاہ گورنمنٹ کلکتہ میں جب کوئی کاغذ بھجوایا ہے۔ بقلم چیف سکرٹر بہادر اس کا جواب پایا ہے۔ اب کی بار دو کتابیں بھیجیں۔ ایک پیشکش گورنمنٹ اور ایک نذر شاہی ہے نہ اس کے قبول کی اطلاع۔ نہ اس کے ارسال سے آگاہی ہے جناب ولیم میور صاحب بہادر نے بھی عنایت نہ فرمائی ان کی بھی کوئی تحریر مجھ کو نہ آئی۔ یہ سب ایک طرف اب خبریں ہیں مختلف۔ کہتے ہیں کہ چیف سکرٹر بہادر لفٹنٹ گورنر ہو گئے یہ کوئی نہیں کہتا کہ ان کی جگہ کون سے صاحب عالیشان چیف سکرٹر ہوئے۔ مشہور جناب ولیم میور صاحب بہادر صدر بورڈ میں تشریف لے گئے یہ کوئی نہیں کہتا کہ لفٹنٹ گورنری کے سکرٹری کا کام کس کو دئے گئے۔

انگریزوں کے احسان کی یاد شریف ہندوستانی کے دل میں

جناب آرنلڈ صاحب بہادر آج تشریف لے گئے۔ سنتا ہوں کہ کلکتہ جائیں گے میم اور بچوں کو ولایت بھیجکر پھر آئیں گے۔ مجھ سے وہ سلوک کر گئے ہیں۔ اور مجھ پہ وہ احسان کر گئے ہیں کہ قیامت تک ان کا شکر گزار رہوں گا۔

غدر میں تم کہاں تھے

خدا جب کا بھلا کرے۔ مجھ کو ڈپٹی کمشنر نے بلا بھیجا تھا۔ صرف اتنا ہی پوچھا کہ غدر میں تم کہاں تھے؟ جو مناسب ہوا وہ کہا گیا۔ دو ایک خط آمدہ ولایت میں نے پڑھائے۔ تفصیل لکھ نہیں سکتا انداز ادا سے پنشن کا بحال و برقرار رہنا معلوم ہوتا ہے۔ مگر پندرہ مہینے پچھلے ملتے نظر نہیں آتے۔

غالب کی مفلسی کوتوالی میں

یہ تو آفت دلی ہی پہ ٹوٹ پڑی ہے بلکہنؤ کے سوا اور شہروں میں عملداری کی وہ صورت ہے جو غدر سے پہلے تھی۔ اب یہاں ٹکٹ چھاپے گئے ہیں۔ میں نے بھی دیکھے۔

فارسی عبارت یہ ہے۔

"ٹکٹ آبادی و رونِ شہر دہلی بشرط ادخال جرمانہ" مقدار روپئے کی حاکم کی رائے پر ہے آج پانچ ہزار ٹکٹ چھپ چکا ہے۔ کل اتوار یوم التعطیل ہے۔ پرسوں دوشنبہ سے دیکھئے یہ کاغذ کیونکر تقسیم ہوں۔ یہ تو کیفیت شہر کی ہے۔ میرا حال سنو بائیس مہینے کے بعد پرسوں کوتوال کو حکم آیا ہے کہ اسداللہ خاں پنشن دار کی کیفیت لکھو۔ کہ وہ بے مقدور اور محتاج ہے کہ نہیں۔ کوتوال نے موافق ضابطہ کے مجھ سے چار گواہ مانگے ہیں۔ سو کل چار گواہ کوتوالی چبوترے جائیں گے۔ اور میری بے مقدوری ظاہر کر آئیں گے۔ کہیں یہ نہ سمجھنا کہ بعد ثبوت مفلسی چڑھا ہوا روپیہ مل جائے گا اور آیندہ کو پنشن جاری ہو جائے گا۔

نوٹ۔ کوتوالی میں اظہار مفلسی کے واقعہ کو کس رقت خیز انداز سے لکھا ہے کہ مجبوری سب کچھ کراتی ہے۔ اس پر بھی یہ یقین نہیں کہ نتیجہ مفید نکلے گا۔ حسن نظامی

شرفا کی تصویر افلاس

پنشن کا حال کچھ معلوم نہیں۔ حاکم خط کا جواب نہیں لکھتا۔ عملہ میں ہر چند تفحص کیجئے کہ ہمارے خط پر کیا حکم ہوا۔ کوئی کچھ نہیں بتاتا۔ بہرحال اتنا سُنتا ہے اور دلائل اور قرائن سے معلوم ہوا ہے کہ میں بے گناہ قرار پایا ہوں اور ڈپٹی کمشنر بہادر کی رائے میں پنشن پانے کا استحقاق رکھتا ہوں۔ پس اس سے زیادہ نہ مجھے معلوم نہ کسی کو خبر۔ میں کتابیں کہاں سے چھپواتا۔ روٹی کھانے کو نہیں۔ شراب پینے کو نہیں۔ جاڑے آتے ہیں لحاف توشک کی فکر ہے۔ کتابیں کیا چھپواؤں گا۔

نوٹ:- یہ غالب نے اپنا ہی حال نہیں لکھا۔ بلکہ غدر کے بعد جو حالت شرفائے دہلی کی ہو گئی تھی اس کی تصویر بھی دکھادی ہے۔
جو لوگ بے امنی کے خواستگار ہیں۔ ان حالات کو ذرا نظر عبرت سے پڑہیں حسن نظامی

گورنر جنرل نے غالب کی قدردانی کی

صاحب کمشنر بہادر دہلی یعنی جناب سانڈرس صاحب بہادر نے مجھ کو بلایا۔ پنجشنبہ ۲۴ فروری کو میں گیا۔ صاحب شکار کو سوار ہو گئے تھے۔ میں الٹا پھر آیا۔ جمعہ ۲۵ فروری کو گیا۔ ملاقات ہوئی۔ کرسی دی۔ بعد پرسش مزاج کے ایک خط انگریزی چار ورق کا اٹھا کر پڑھتے رہے۔ جب پڑھ چکے تو مجھ سے کہا کہ یہ خط ہے منگلوڈ صاحب حاکم اکبر صدر بورڈ پنجاب کا۔ تمہارے باب میں لکھتے ہیں کہ ان کا حال دریافت کرکے لکھو۔ سو ہم تم سے پوچھتے ہیں کہ تم ملکہ معظمہ سے خلعت کیا مانگتے ہو؟ حقیقت کہی گئی۔ ایک کاغذ آمدہ ولایت لے گیا تھا وہ پڑھوادیا۔ پھر پوچھا۔ تم نے کتاب کیسی لکھی ہے؟ اس کی حقیقت بیان کی۔ کہا ایک منگلوڈ صاحب دیکھنے کو مانگتے ہیں اور ایک ہم کو دو۔ میں نے عرض کیا۔ کل حاضر کردوں گا پھر پنشن کا حال پوچھا۔ وہ گزارش کیا، اپنے گھر آیا۔ اور خوش آیا۔ حاکم پنجاب کو مقدمۂ ولایت کی کیا خبر۔ کتابوں سے کیا اطلاع پنشن کی پرسش سے کیا مدعا۔ یہ استفسار بحکم نواب گورنر جنرل ہوا ہے اور یہ صورت مقدمہ فتح وفیروزی ہے۔

نوٹ:- کتاب دستنبو نے گورنر جنرل کے خیالات غالب کی طرف متوجہ کئے جیسا کہ میں نے ایک جگہ لکھا ہے۔ اس عبارت سے اس خیال کی مزید تائید ہوتی ہے۔ حسن نظامی

۱۸۶۰ء میں املاک و اگزاشت

دربار لارڈ صاحب کا میرٹھ میں ہوا
دلی کے علاقہ کے جاگیر دار بموجب حکم

کمشنر دہلی میرٹھ گئے۔ موافق دستورِ قدیم مل آئے۔ غرضکہ پنجشنبہ ۲۹ ردسمبر کو پہر دن چڑھے لارڈ صاحب یہاں پہنچے۔ کابلی دروازہ کی فصیل کے تلے ڈیرے ہوئے۔ اسی وقت توپوں کی آواز سنتے ہی میں سوار ہو گیا۔ میر منشی سے ملا۔ ان کے خیمہ میں بیٹھ کر صاحب سکرٹر کو خبر کروائی۔ جواب آیا کہ فرصت نہیں۔ یہ جواب سنکر نومیدی کی پوٹ باندھ کر لے آیا۔ ہر چند پنشن کے باب میں ہنوز لا و نعم نہیں مگر کچھ فکر کر رہا ہوں۔ دیکھو کیا ہوتا ہے۔ لارڈ صاحب کل یا پرسوں جانے والے ہیں۔ یہاں کچھ کلام و پیام نہیں ممکن تحریر ڈاک میں بھیجی جائے گی۔ دیکھئے کیا صورت پیش آئے گی۔ مسلمانوں کی املاک کے واگزاشت کا حکم عام ہو گیا ہے۔ جن کو کرایہ پر ملی ہے ان کو کرایہ معاف ہو گیا ہے آج یکشنبہ یکم جنوری ۱۸۶۱ء ہے پہر دن چڑھا ہے۔

نوٹ: ۱۸۵۸ء کے اعلان ملکہ وکٹوریہ سے صرف جان بخشی ہوئی تھی۔ جائداد کی رہائی خصوصاً مسلمانوں کی املاک کی واگزاشت ۱۸۶۰ء میں ہوئی جیسا کہ غالب نے لکھا ہے۔ حسن نظامی

گورنر غالب کے بسیار مہربان دوستان

نواب لفٹنٹ گورنر بہادر
غرب و شمال کو نسخہ

دستنبو بسبیل ڈاک بھیجا تھا۔ اُن کا خط فارسی مشعر تحسین عبارت و قبول صدق ارادت و مودت بسبیل ڈاک آگیا۔ پھر قصیدہ بہاریہ تہنیت و مدحت میں بھیجا گیا۔ اس کی رسید آگئی وہی خان صاحب بسیار مہربان دوستان القاب اور کاغذ افشانی اَوَّل

بعد ایک قصیدہ جناب رابرٹ منٹگمری صاحب لفٹنٹ گورنر بہادر قلمرو پنجاب کی مدح میں بتوسط صاحب کمشنر بہادر دہلی گیا۔ اس کے جواب میں بھی خوشنودی نامہ بتوسط کمشنر بہادر کل مجھ کو آ گیا۔ پنشن ابھی تک مجھ کو نہیں ملی۔

نوٹ:۔ اس عبارت سے کئی باتیں نئی معلوم ہوئیں۔ ایک تو گورنر کا فارسی میں خط لکھنا۔ دوسرے مشرقی القاب سے مخاطب کرنا۔ تیسرے مشرقی یعنی افشانی کاغذ پہ خط لکھا جانا۔ جس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ غدر کے بعد سے انگریزوں نے یہاں کے رسم و رواج کو کتنا زیادہ ترک کر دیا ہے اور یہی وجہ ان کے غیر ہر دل عزیز ہو جانے کی ہے۔

غالب نے ہر جگہ پنشن کو مذکر لکھا ہے۔ مگر یہاں مونث لکھتے ہیں اس سے ظاہر ہوا کہ پنشن کا استعمال دونوں طرح جائز ہے۔

سر جان لارنس اور غالب

عرضی میری سر جان لارنس چیف کمشنر بہادر کو گزاری۔ اس پہ دستخط ہوئے کہ یہ عرضی مع کاغذ ضمیمہ سائل بھیجدی جائے اور یہ لکھا جائے کہ معرفت صاحب کمشنر دہلی کے پیش کرو۔ اب سررشتہ دار کو لازم تھا کہ میرے نام موافق دستور کے خط لکھتا۔ یہ نہ ہوا وہ عرضی حکم چڑھی ہوئی میرے پاس آ گئی۔ میں نے خط صاحب کمشنر چارلس سانڈرس کو لکھا۔ اور وہ عرضی حکم چڑھی ہوئی اس میں ملفوف کر کے بھیجدی۔ صاحب کمشنر نے صاحب کلکٹر کے پاس یہ حکم چڑھا کر بھیجی کہ سائل کے پنشن کی کیفیت لکھو۔ اب وہ مقدمہ صاحب کلکٹر کے ہاں آیا ہے۔ ابھی صاحب کلکٹر نے تعمیل اس حکم کی نہیں کی۔ پرسوں تو لکے ہاں یہ روبکاری آئی ہے۔ دیکھئے کچھ مجھ سے پوچھتے ہیں یا اپنے دفتر سے لکھ بھیجتے

ہیں۔ دفتر کہاں رہا جو اس کو دیکھیں گے۔ بہر حال یہ خدا کا شکر ہے کہ بادشاہی دفتر میں سے میرا نام کچھ شمول فساد میں پایا نہیں گیا۔ اور میں حکام کے نزدیک یہاں تک پاک ہوں کہ پنشن کی کیفیت طلب ہوئی ہے۔ اور میری کیفیت کا ذکر نہیں ہے یعنی سب جانتے ہیں کہ اس کو لگاؤ نہ تھا۔

افلاس شاعری پہ بھی غالب ہے

ہمیشہ نواب گورنر جنرل کی سرکار سے دربار میں مجھ کو سات پارچے اور تین رقم جواہر خلعت ملتا تھا۔ لارڈ کیننگ صاحب میرا دربار و خلعت بند کر گئے ہیں۔ ناامید ہو کر بیٹھ رہا۔ اور مدت العمر کو مایوس ہو رہا اب جو یہاں لفٹنٹ گورنر پنجاب آئے ہیں میں جانتا تھا کہ یہ بھی مجھ سے نہ ملیں گے۔ کل انہوں نے مجھ کو بلا بھیجا۔ بہت ہی عنایت فرمائی اور فرمایا کہ لارڈ صاحب دلّی میں دربار نہ کریں گے میرٹھ ہوتے ہوئے اور میرٹھ میں ان اضلاع کے علاقہ داروں اور مالگزاروں کا دربار کرتے ہوئے انبالے جائیں گے۔ دلّی کے لوگوں کا دربار وہاں ہوگا تم بھی انبالے جاؤ۔ شریکِ دربار ہو کر خلعت معمولی لے آؤ۔ کیا کہوں کہ کیا میرے دل پہ گزری۔ گویا مردہ جی اٹھا مگر ساتھ اس مسرت کے یہ بھی سناٹا گزرا کہ سامانِ سفر انبالہ و مصارف بے انتہا کہاں سے لاؤں۔ اور طرہ یہ کہ نذر معمولی میری قصیدہ ہے۔ اِدھر قصیدہ کی فکر اُدھر روپیہ کی تدبیر جو اس ٹھکانے نہیں۔ شعر کام دل و دماغ کا ہے۔ وہ روپیہ کی فکر میں پریشان۔ میرا خدا یہ مشکل بھی آسان کرے گا۔

دن کی روٹی رات کی شراب

بہ نسبت حکیم احسن اللہ خاں کے جو بات مشہور ہے۔ وہ محض غلط۔ ہاں مرزا الٰہی بخش جو شاہزادوں میں ہیں۔ ان کو حکم کراچی بندر جانے کا ہے۔ اور وہ انکار کر رہے ہیں۔ دیکھیے کیا حکم ہو۔ حکیم جی کو اُن کی حویلیاں مل گئی ہیں۔ اب

وہ مع قبائل ان مکانوں میں جارہے ہیں اتنا حکم ان کو ہے کہ شہر سے باہر نہ جائیں رہا میں۔ ع

تو بیکسی و غریبی ترا کہ می پرسد

نہ جزا۔ نہ سزا۔ نہ نفرین۔ نہ آفرین۔ نہ عدل۔ نہ ظلم۔ نہ لطف۔ نہ قہر۔ ۱۵ دن پہلے تک دن کو روٹی رات کو شراب ملتی تھی۔ اب صرف روٹی ملے جاتی ہے۔ شراب نہیں۔ کپڑا ایام تنعم کا بنا ہوا ابھی ہے۔ اس کی کچھ فکر نہیں۔

نوٹ: حکیم احسن اللہ خاں صاحب کی نسبت دلی میں مشہور ہوا تھا کہ وہ بھی جلا وطن کئے جائیں گے۔ اس کی طرف اشارہ ہے۔ میرزا الٰہی بخش کی جلاوطنی منسوخ ہوئی۔ اور وہ مرتے دم تک درگاہ حضرت سلطانجیؒ میں رہے۔ غالب کی قبر کے پاس ان کا شاندار مکان بنا۔ جو اب کھنڈر پڑا ہے۔ جلاوطنی ہی منسوخ نہیں ہوئی بلکہ بارہ سو روپے ماہوار پنشن بھی نسلاً بعد نسلاً دی گئی۔ جو ان کے بیٹوں میرزا سلیمان شکوہ عرف بڑے میرزا اور میرزا ثریا جاہ اور میرزا اقبال شاہ میں تقسیم ہوئی اور اب میرزا ثریا جاہ کے مرنے کے بعد ان کی بیگمات دو رثا کو ملتی ہے۔ میرزا الٰہی بخش اور ان کے لڑکے درگاہ حضرت سلطانجیؒ کے شرقی رخ سنگِ سرخ کی جالیوں کے اندر دفن ہیں۔ میرزا الٰہی بخش آخر میں خیر خواہِ سرکار ثابت ہوئے تھے۔ بہادر شاہ کے سمدھی تھے۔ حسن نظامی

غدر کے دفتر شاہی میں غالب کا نام نہ تھا

دفتر شاہی میں میرا نام مندرج نہیں نکلا۔ کسی مخبر نے نسبت میرے کوئی خبر بد خواہی کی نہیں دی۔ حکام وقت میرا ہونا شہر میں جانتے ہیں۔ فراری

نہیں ہوں۔ روپوش نہیں ہوں۔ بلایا نہیں گیا۔ دار وگیر سے محفوظ ہوں۔ کسی طرح کی باز پرس ہو تو بلایا جاؤں۔ مگر ہاں جیسا کہ بلایا نہیں گیا۔ خود بھی بروئے کار نہیں آیا۔ کسی حاکم سے نہیں ملا۔ خط کسی کو نہیں لکھا۔ کسی سے درخواست ملاقات نہیں کی۔ مئی سے پنشن نہیں پایا۔ یہ دس مہینے کیونکر گزرے ہونگے۔ انجام کچھ نظر نہیں آتا۔

غالب کی جان پٹیالہ کے سبب بچی

میں حکیم محمد حسن خاں کے مکان میں نو۔ دس برس سے کرایہ کو رہتا ہوں اور یہاں قریب کیا بلکہ دیوار بدیوار ہیں۔ گھر حکیموں کے۔ اور وہ نوکر ہیں راجہ نرندر سنگھ بہادر والی پٹیالہ کے۔ راجہ نے صاحبان عالیشان سے عہد لے لیا تھا کہ بروقت غارت دلی یہ لوگ بچ رہیں۔ چنانچہ بعد فتح راجہ کے سپاہی یہاں آبیٹھے اور یہ کوچہ محفوظ رہا۔ ورنہ میں کہاں اور یہ شہر کہاں۔ امیر غریب سب نکل گئے جو رہ گئے تھے وہ نکالے گئے۔ جاگیردار۔ پنشن دار۔ دولتمند اہل حرفہ کوئی بھی نہیں ہے مفصل حال لکھتے ہوئے ڈرتا ہوں۔ ملازمانِ قلعہ پر شدت ہے۔ اور باز پرس اور دار وگیر میں مبتلا ہیں۔ مگر وہ نوکر جو اس ہنگام میں نوکر ہوئے ہیں اور ہنگامے میں شریک ہوئے ہیں میں غریب شاعر دس برس سے تاریخ لکھنے اور شعر کی اصلاح دینے پر متعلق ہوا ہوں خواہی اس کو نوکری سمجھو خواہی مزدوری جانو۔ اس فتنہ و آشوب میں کسی مصلحت میں میں نے دخل نہیں دیا۔ صرف اشعار کی خدمت بجالاتا رہا۔ اور نظر اپنی بے گناہی پر شہر سے نکل نہیں گیا۔ میرا شہر میں ہونا حکام کو معلوم ہے۔ مگر چونکہ میری طرف بادشاہی دفتر میں سے یا مخبروں کے بیان سے کوئی بات پائی نہیں گئی۔ لہٰذا طلبی نہیں ہوئی ورنہ جہاں بڑے بڑے جاگیردار بلائے ہوئے یا پکڑے ہوئے آئے ہیں۔ میری کیا حقیقت تھی۔ غرضکہ اپنے مکان میں بیٹھا ہوں۔ دروازے سے باہر نہیں نکل سکتا۔ سوار ہونا اور کہیں جانا اور کہیں آنا تو بہت بڑی بات ہے۔ رہا یہ کہ کوئی میرے پاس

15291

آوے۔ شہر میں ہے کون جو آوے؟ گھر گھر بے چراغ پڑے ہیں۔ مجرم سیاست پاتے جاتے ہیں۔ جرنیلی بندوبست یازدہم مئی سے آج تک یعنی شنبہ پنجم دسمبر ۱۸۵۷ء تک بدستور ہے۔ کچھ نیک و بد کا حال مجکو نہیں معلوم بلکہ ہنوز ایسے امور کی طرف حکام کو توجہ بھی نہیں۔ دیکھئے انجام کار کیا ہوتا ہے۔ یہاں باہر سے اندر تک کوئی بغیر ٹکٹ کے آنے جانے نہیں پاتا ابھی دیکھا چاہیئے مسلمانوں کی آبادی کا حکم ہوتا ہے یا نہیں؟

پنشن کی نسبت

میں اجرائے پنشن سرکار انگریزی سے مایوس تھا بارے وہ نقشہ پنشن داروں کا جو یہاں سے بنکر صدر کو گیا تھا اور یہاں کے حاکم نے نسبت میرے صاف لکھدیا تھا۔ کہ یہ شخص پانے کا مستحق نہیں ہے گورنمنٹ نے برخلاف یہاں کے حاکم کی رائے کے میری پنشن کے اجرا کا حکم دیا اور وہ حکم یہاں آیا اور مشہور ہوا۔ میں نے بھی سنا۔ اب کہتے ہیں کہ ماہ آیند یعنی مئی کی پہلی کو تنخواہوں کا بٹنا شروع ہوگا۔ دیکھا چاہیئے پچھلے روپے کے باب میں کیا حکم ہوتا ہے۔

دہلی کا دردناک مرثیہ

بسکہ فعال ما یرید ہے ہر سلح شور انگلستان کا
گھر سے بازار میں نکلتے ہوئے زہرہ ہوتا ہے آب انسان کا
چوک جسکو کہیں وہ مقتل ہے گھر بنا ہے نمونہ زندان کا
شہر دہلی کا ذرہ ذرہ خاک تشنۂ خوں ہے ہر مسلمان کا
کوئی وہاں سے نہ آسکے یہانتک آدمی وہاں نہ جاسکے یہاں کا
میں نے مانا کہ مل گئے پھر کیا وہ ہی رونا تن و دل و جان کا
گاہ جل کر کیا کئے شکوہ سوزش داغہائے پنہاں کا

گاہ رو کر کہا کئے باہم ماجرا دیدہ ہائے گریاں کا
اس طرح کے وصال سے غالبؔ کیا مٹے دل سے داغ ہجراں کا

نوٹ:۔ یہ مرثیہ محض شاعری نہیں بلکہ واقعات غدر کی تاریخی تصویر ہے چاندنی چوک میں پھانسیاں کھڑی ہوئی تھیں جن پر روزانہ سینکڑوں آدمیوں کو لٹکایا جاتا تھا۔ مسلمانوں کے ساتھ خصوصیت سے سختی برتی جاتی۔ انہی امور کو غالبؔ نے غمناک انداز سے لکھا ہے۔ حسن نظامی

انگریز بھی غالب کے شاگرد تھے

جب سخت گھبراتا ہوں اور تنگ آتا ہوں تو یہ مصرعہ پڑھ کر چپ ہو جاتا ہوں؟

اے مرگ ناگہاں تجھے کیا انتظار ہے

یہ کوئی نہ سمجھے کہ میں اپنی بے رونقی اور تباہی کے غم میں مرتا ہوں۔ جو دکھ مجھ کو ہے اس کا بیان تو معلوم مگر اس بیان کی طرف اشارہ کرتا ہوں۔ انگریزی قوم میں سے جو ان روسیاہ کالوں کے ہاتھ سے قتل ہوئے اس میں کوئی میرا امیدگاہ تھا اور کوئی میرا شفیق اور کوئی میرا دوست اور کوئی میرا یار اور کوئی میرا شاگرد۔ ہندوستانیوں میں کچھ عزیز کچھ دوست کچھ شاگرد، کچھ معشوق۔ سو وہ سب کے سب خاک میں مل گئے۔ ایک عزیز کا ماتم کتنا سخت ہوتا ہے جو اتنے عزیزوں کا ماتم دار ہو اس کو زیست کیونکر نہ دشوار ہو ہائے اتنے یار مرے کہ جواب میں مروں گا تو میرا کوئی رونیوالا بھی نہ ہوگا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

نوٹ:۔ غالب کی انصاف پسندی دیکھنا۔ غدر کے مصائب کو بلا تعصب بیان کرتے ہیں۔ انگریزوں پر جو مظالم ہوئے ان کو بھی قلم پر لاتے ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے۔

کہ غدر سے پہلے انگریز دیسی شعرا کے شاگرد ہوتے تھے۔ اور شرفا سے دوستیاں کرتے تھے اب یہ باتیں کہانیاں ہوگئیں۔ حسن نظامی

غالب انگریزوں کے خیر خواہ تھے

حکم ہوا ہے کہ دوشنبہ کے دن پہلی تاریخ نومبر کو رات کے وقت سب خیر خواہان انگریز اپنے اپنے گھروں میں روشنی کریں اور بازاروں میں اور صاحب کمشنر بہادر کی کوٹھی پر بھی روشنی ہوگی۔

فقیر بھی اس تہیدستی میں کہ اٹھارہ مہینے سے پنشن مقرری نہیں پاتا۔ اپنے مکان پر روشنی کرے گا۔

نوٹ:۔ اس عبارت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ غالب نے جو کہیں کہیں انگریزوں کے خلاف الفاظ استعمال کئے ہیں یہ اُس وقت کی عام زبان تھی ورنہ جشن میں شرکت۔ گھر پر روشنی کرنا صاف ظاہر کرتا ہے کہ وہ حکومت سے عناد نہ رکھتے تھے۔ حسن نظامی

تمام شد

کتاب دستنبو کے خلاصے کا ترجمہ

اب مرزا غالب کی اس مشہور کتاب دستنبو کا ترجمہ درج کیا جاتا ہے جس کا ذکر اس کتاب میں جگہ جگہ آیا ہے پہلے جو ایڈیشن اس کتاب کے شائع ہوئے ان میں لکھا گیا تھا کہ مرزا یعقوب بیگ صاحب نامی ایم اے نے اس کتاب کا خلاصہ اور ترجمہ کیا ہے اور وہ مرزا فتح اللہ بیگ عرف مرزا جب بیگ کے پوتے ہیں اور مرزا جب بیگ غالب کے چچا زاد بھائی تھے یعنی جو کچھ جناب نامی صاحب نے مجھے لکھ کر دیا تھا وہ میں نے شائع کر دیا تھا مگر پہلی اشاعت کے بعد میرے خلاف شکایت نامے آئے کہ بغیر تحقیقات کے آپ نے یہ کیوں لکھ دیا کہ نامی مرزا غالب کے پوتے ہیں دلی والوں کو اس پر اعتراض ہے میں نے جواب دیا کہ نامی صاحب نے کتاب کا خلاصہ کیا اور پھر فارسی کو اردو جامہ پہنایا مجھے انکی تحریر کی اشاعت کے وقت تحقیقات کی ضرورت معلوم نہیں ہوئی جب انہوں نے خود لکھا کہ وہ غالب کے پوتے ہیں تو میں اس پر کیوں شک کرتا بہر حال اس تیسرے ایڈیشن کے وقت میں نامی صاحب کی عبارت کا وہ حصہ خارج کر دیتا ہوں جس پر لوگوں کو اعتراض ہے۔

اس خلاصہ میں کتاب کا مفہوم ادا کرتے وقت نامی صاحب نے کسی قسم کی کمی بیشی نہیں کی غالب نے غدر کے بعد یہ کتاب لکھی تھی جب کے شرفا خصوصاً مسلمانوں کا سانس خوف اور مایوسی سے گھٹ رہا تھا پس اگر انکی رائے زنی میں مصلحت وقت کا پہلو زیادہ نمایاں نظر آئے تو موجودہ نسلوں کو اعتراض نہ کرنا چاہئے کیونکہ غالب نے باوجود نزاکت وقت بعض باتیں ایسی آزادی و بیباکی سے لکھدیں کہ کوئی دوسرا لکھنا چاہتا تو دار و گیر کے اس ہولناک وقت میں نہ لکھ سکتا۔

دستنبو کا مروجہ نسخہ کشوری مطبع کا ہے جو ایسا غلط اور خراب کاغذ پر چھپا ہے کہ اس کا عدم وجود برابر ہے مگر نامی صاحب نے اسکی صحت کی پوری جستجو فرمائی اور نواب سرفرخ میرزا صاحب رئیس لہارو کے بھائی مولنا ضمیر میرزا صاحب کے خاص کتب خانہ کے صحیح نسخہ سے غلطیاں درست کیں اس کے بعد ترجمہ کیا۔ دستنبو کا ترجمہ آسان نہ تھا کیونکہ وہ نہایت سخت فارسی میں ہے، مگر نامی صاحب نے دو دن کے اندر اتنے مشکل کام کو آسان کر کے دیدیا۔ میں انکا بہت زیادہ ممنون ہوں۔ حسن نظامی

واقعہ غدر پر مصنف کی رائے

آج ابتری کا زمانہ ہے۔ ہر ایک نے اپنی چال کو چھوڑا ہے۔ سپاہ نے ہر جگہ سپہ سالار سے مُنہ موڑا ہے۔ بلکہ زمانہ خود اپنی چوکڑی بھولا ہے۔ ستارہ شناسوں کی رائے ہے کہ جب یزدجرد شاہ ایران پر غازیانِ عرب کے ہاتھوں تباہی آئی تو بُرج سرطان میں زحل اور مریخ کا اتصال تھا اور وہ تباہی اسی اتصال کا نتیجہ تھی۔ آجکل پھر بُرج سرطان میں مریخ اور زحل کا اجتماع ہوا ہے۔ اسی لئے ہر طرف فتنہ وفساد۔ جنگ وجدال برپا ہے مگر اہل دانش اس بات کو کب مانیں گے۔ وہاں دو مختلف مملکتوں کی فوجوں کے درمیان جنگ تھی۔ یہاں فوج نے خود اپنے بادشاہ کے خلاف علم بغاوت بلند کیا ہے اس لئے ان دونوں حملوں میں کوئی مشابہت اور دونوں حملہ آوروں میں کوئی مناسبت نہیں ہے وہاں ایک مذہبی جنگ تھی جس کے بعد اہل اسلام نے نئی شان وشوکت کے ساتھ ویران ایران کو شاد وآباد کیا اور نئے مذہب یعنی اسلام نے ملک کو نور ایمان سے معمور اور ظلمت آتش پرستی کو ملک سے دور کیا۔ لیکن یہاں کہ لڑائی قانونی ہے، حیران ہوں۔ اہل ہند نے کس نئے قانون کی امید میں یہ بیر بسایا ہے اہل فارس نے آتش کو کھو کر خدا کو پایا۔ لیکن متحیر ہوں کہ اہل ہند نے کس امید پر ارباب عدل وانصاف کا دامن چھوڑا اور درندہ خصال باغیوں سے رشتہ جوڑا ہے۔ انصاف کی پوچھو تو جو شخص امن وامان، چین وآرام سوائے قلمرو انگریزی کے کہیں اور تلاش کرتا ہے۔ نابینا ہے۔ ایران میں تیغ عرب کے زخم خوردوں کو اسلام نے تلافی کا مرہم عطا کیا۔ ہند میں غدر کی مصیبت کے بعد وہ کونسی راحت ہے جس سے زمانہ نے مصیبت زدگانِ غدر کے مصائب کی تلافی کی ہے۔ ارباب دانش بتلائیں کہ وہ کونسی بہتری اور بہبودی ہے جو اس ہنگامۂ غدر سے ملک وملت کو حاصل ہوگی؟ اہل ملک والیانِ ملک سے لڑ رہے ہیں۔ لشکری سالار لشکر کا خون کر رہے ہیں

اور سپہر خوش ہیں، خدا کے غضب سے نہیں ڈرتے۔ کہاں ہیں حکمت الٰہی کے جاننے والے
کہاں ہیں نفع و نقصان، نیک و بد کے پہچاننے والے بتلائیں کہ کیا اس ہنگامہ کا گرم ہونا
غضب الٰہی کے سوا کسی اور وجہ سے ہو سکتا ہے۔ ۹

باغیوں کا دہلی میں داخل ہونا۔ اہل شہر کی بے بسی اور انگریزوں کا کشت و خون

۱۶ / ماہ رمضان ۱۲۷۳ھ مطابق ۱۱ / مئی ۱۸۵۷ء کو علی الصباح یکایک دہلی کی
شہر پناہ اور قلعہ کی در و دیوار میں زلزلہ پیدا ہوا یعنی میرٹھ چھاؤنی سے کچھ باغی سپاہی
بھاگ کر دہلی آئے۔ سب کے سب بغاوت پر کمربستہ اور انگریزوں کے خون کے
پیاسے تھے۔ شہر پناہ کے محافظوں نے جو باغیوں کے ساتھ ہم پیشہ ہونے کی وجہ
سے قدرتاً ہمدردی رکھتے تھے اور جو ممکن ہے پہلے سے ان کے ساتھ عہد و پیمان
بھی کر چکے ہوں۔ دروازے کھول دئے اور حق نمک اور حفاظت شہر کو بالائے
طاق رکھ کر ان ناخواندہ یا خواندہ مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔ ان سبک عنا سواروں اور
تیز رفتار پیادوں نے جب شہر کے دروازوں کو کھلا ہوا اور دربانوں کو مہمان نواز پایا
تو دیوانہ وار ہر طرف دوڑ پڑے اور جہاں جہاں انگریز افسروں کو پایا قتل کر ڈالا اور
ان کی کوٹھیوں میں آگ لگا دی۔ اہل شہر جو سرکار انگریزی کے نمک خوار تھے اور
حکومت انگریزی کے سائے میں امن و امان کے ساتھ زندگی بسر کرتے تھے ہتھیار
سے بیگانہ۔ تیر و تبر میں بھی امتیاز نہ کر سکتے تھے نہ ہاتھ میں تیر رکھتے تھے۔ نہ شمشیر
سچ پوچھو تو یہ لوگ صرف اس مطلب کے تھے کہ گلی کوچوں کو آباد کریں۔ اس گوں کے
ہرگز نہ تھے کہ جنگ و جدل کے واسطے کمربستہ ہوں اس کے علاوہ تیز رو سیلاب
کو گھانس پھوس کب روک سکتا ہے۔ ان غریبوں نے اپنے آپ کو اس آفت
ناگہانی کے آگے عاجز اور بے بس پایا اس لئے گھروں کے اندر غم اور ماتم میں

رہے۔ بندہ بھی ان ہی ماتم زدگان میں ستے ہے۔ گھر میں بیٹھا تھا کہ شور و غوغا بلند ہوا۔ قبل اس کے کہ سبب دریافت ہو۔ چشم زدن میں صاحب ایجنٹ بہادر کے قلعے میں مارے جانے کی خبر آئی ساتھ ہی معلوم ہوا کہ سوار اور پیادے ہر گلی کوچے میں گشت لگا رہے ہیں۔ پھر تو کوئی جگہ ایسی نہ تھی جو گل اندا موں کے خوں سے رنگین نہ ہو اور باغ میں کوئی جائے گل گشت ایسی نہ تھی جو ویرانی میں مانند گورستان نہو کیسے کیسے انگریز افسر، منصف مزاج، دانشور، نیک خو، نام آور تلوار کے گھاٹ اُترے۔ کیسی کیسی پری چہرہ، نازک اندام۔ خاتونانِ فرنگ خاک وخون میں نہائیں۔ افسوس ان کے ننھے ننھے بچے جن کی شگفتہ روئی لالہ و گل پہ ہنستی تھی اور جن کی خوش خرامی کبک و چکور کو شرماتی تھی کس طرح تیغ بیدریغ کے نذر ہوئے۔ اگر موت ان مقتولوں کے سرہانے ماتم میں سیاہ پوش ہو کر گریہ وزاری کرے تو روا ہے۔ اگر آسمان خاک ہو کر برسے اور زمین غبار ہو کر اڑے تو بجا ہے ؎

اے نو بہار چوں تن بسمل بخوں بغلط — اسے روزگار چوں شب بے ماہ تار شو
اے آفتاب روئے بسیلی کبود کن — اسے ماہتاب داغ دل روزگار شو

باغیوں کا طرزِ عمل اور اس پر مصنف کی رائے

خدا خدا کر کے وہ دن گزرا اور شام ہوئی، سیاہ دل

باغیوں نے نہ صرف جا بجا شہر میں قیام کیا بلکہ قلعے میں شاہی باغ کو اصطبل اور شاہی محلسرا کو اپنی خوابگاہ بنایا۔ رفتہ رفتہ دوسرے مقامات سے خبر آئی کہ باغی سپاہیوں نے فوجی افسروں اور انگریز عہدہ داران کو قتل کر دیا۔ اور جوق جوق سپاہی اور کاشتکار متفق اور متحد ہو رہے ہیں اور سب کے سب بغاوت پر کمر بستہ ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سب کے سب جھاڑو کی طرح ایک ہی بندھن میں بندھے ہوئے ہیں کیوں نہ ہو۔ ہندوستان پر اس طرح جھاڑو پھیرنے کے لئے کہ اگر آرام و آسایش گھاس کے تنکے

کے برابر بھی ڈھونڈھیں تو کہیں میسر نہ آئے ایک ایسی ہی جھاڑو کی ضرورت ہے ہزار ہا لشکر جمع ہو رہا ہے۔ مگر ہر لشکر ایک بے سری فوج ہے۔ تماشہ یہ ہے کہ توپ بندوق۔ گولہ بارود سب انگریزوں ہی سے حاصل کیا اور پھر انگریزوں ہی سے لڑائی ہے۔ قواعد جنگ، فنون سپہگری سب انگریزوں ہی سے سیکھے اور انگریزوں ہی کے مقابلہ میں ان کے استعمال کی تیاری ہے۔ آخر دل ہے نہ سنگ وخشت تو نہیں کہ نہ جلے۔ آنکھ ہے روزنِ دیوار نہیں کہ نہ روئے دل کیوں نہ جلے کہ بیگناہ انگریزوں کے قتل کا داغ لئے ہوئے ہے۔ آنکھ کیوں نہ روئے کہ ہندوستان کی تباہی دیکھ رہی ہے۔ شہر والیان شہر سے خالی ہو کر بے آقا کے غلاموں سے معمور ہیں۔ چور اور ڈاکوؤں کو نہ گرفتاری کا ڈر ہے نہ قید کا خطرہ۔ محلے ویران اور بازار لوٹ کا میدان ہیں۔ ڈاک بند ہے جس سے نہ صرف نامہ و پیام بلکہ تمام کام درہم برہم ہیں۔ حامیان دین و آئین فرمائیں کہ کیا یہ رونے کا مقام نہیں کہ ڈاک جیسی نعمت خداداد درہم برہم ہو جائے جس کے یہ معنی ہیں کہ مصیبت نازل ہو اور عزیزوں کو مصیبت کی خبر تک نہ ہو۔ نیرنگی زمانہ دیکھئے کہ جو کشور کشائی اور جانبازی کا دم بھرتے تھے آج اپنے سایہ سے ڈرتے ہیں اور نقیب و چوبدار شاہ و گدا سب پر حکومت کرتے ہیں۔ پھر ستم یہ کہ مصیبت پر گریہ و ماتم کرو تو نشانہ ملامت و ظرافت بنو۔ اگر اس آفت سے بیزار اور اس ماتم میں سینہ فگار ہو تو ضعف ایمان کے طعنے سنو۔

دہلی میں باغیوں کا اجتماع اور لڑائی کا آغاز

الغرض سرکش باغیوں نے شہر میں داخل ہوتے ہی جو کچھ زر و مال اپنے ساتھ لائے تھے۔ سب شاہی خزانہ میں داخل کر دیا اور آستان شاہی پہ جبیں اطاعت کو رکھا۔ چشم زدن میں بے انتہا فوج دہلی میں جمع ہو گئی چونکہ ضعیف بادشاہ اس بے شمار لشکر کو نہ روک سکا، اور قابو میں نہ رکھ سکا، بے قابو

ہو گیا اور لشکر کے قابو میں آگیا۔ باغیوں کا قاعدہ تھا کہ جہاں جہاں سے گزرتے قید خانوں سے قیدیوں کو چھوڑتے جاتے تھے۔ چنانچہ پرانے پرانے قیدی قید سے رہا ہو کر دربار میں حاضر ہوئے اور خدمت گاری اور سرداری کے باصرار خواستگار ہوئے۔ کمال یہ ہے کہ ہر شخص کو دربار شاہی میں باریابی حاصل ہو جاتی تھی۔ غرض شہر کے اندر اور باہر کم و بیش پچاس ہزار پیادے اور سوار جمع ہو گئے۔ انگریزوں کے پاس علاقہ دہلی میں سے سوائے اس پہاڑی کے جو شہر کے پہلو میں واقع ہے اور کچھ باقی نہ رہا۔ چنانچہ ان اہل دانش نے اسی جائے تنگ میں دمدمے اور مورچے بنائے اور ان پر زبردست توپیں لگائیں۔ دیسیوں نے بھی جو توپیں میگزین سے اڑائی تھیں ان کو لے جا کر قلعہ پر نصب کیا اور دونوں جانب سے گولہ باری شروع ہوئی مئی اور جون کی گرمی تھی اور آفتاب کی حرارت دن بدن زیادتی پر تھی۔ باغی ہر روز صبح کو انگریزی فوج کے مقابلہ کے واسطے نکلتے اور سورج غروب ہونے سے پہلے واپس آجاتے تھے۔

حکیم احسن اللہ خاں صاحب پر حملہ

اندرون شہر کی کیفیت بھی سننے کے قابل ہے۔ ایک شخص جو حکیم احسن اللہ خاں صاحب کا پروردہ اور آوردہ تھا اور جو خیانت سے بہت کچھ روپیہ جمع کر چکا تھا اس خیال سے کہ جب تک حکیم صاحب جن کو اس کی خرد برد کا علم تھا۔ زندہ ہیں راز فاش ہونے کا اندیشہ رہیگا ان کے قتل کے درپے ہوا، اور یہ افواہ اڑائی کہ حکیم صاحب انگریزوں کے خیرخواہ اور طرفدار ہیں اس طرح باغیوں کو ان کے خلاف برانگیختہ کیا، چنانچہ ایک روز بدبخت باغی حکیم صاحب کو قتل کرنے کے لئے ان کے دولت کدہ پر حملہ آور ہوئے۔ مگر خوش قسمتی سے حکیم صاحب اس وقت قلعہ میں بادشاہ کی خدمت میں تشریف رکھتے تھے۔ چنانچہ ان ناہنجاروں میں سے کچھ لوگ قلعہ پہنچے اور

حکیم صاحب کو گھیر لیا۔ بادشاہ سلامت نے اپنے آپ کو حکیم صاحب پر ڈال دیا اور انکی جان بچائی اگرچہ حکیم صاحب کی جان بچ گئی مگر بدبخت باغیوں کو اس وقت تک چین نہ آیا جبتک کہ انہوں نے حکیم صاحب کا مکان لوٹ کر اس میں آگ نہ لگا دی افسوس کوئی غلام جبتک اس کی اصل میں فرق نہ ہوا اپنے آقا کے ساتھ ایسا نہ کرے گا۔

بہادر شاہ کے معاون

جب شاہی جھنڈے کے نیچے بکثرت پیادہ و سوار جمع ہو گئے تو تفضّل حسین خاں والی فرخ آباد نے جو پہلے کبھی بادشاہ کی طرف رُخ بھی نہ کرتا تھا ایک خط کے ذریعہ اپنی اطاعت کا اظہار کیا۔ ادہر خان بہادر خاں نے بریلی میں ایک عظیم الشان لشکر جمع کر کے علمِ بغاوت بلند کیا اور ایک سو ایک اشرفیاں اور آراستہ ہاتھی گھوڑے بادشاہ کی خدمت میں بطور پیشکش روانہ کئے۔ لیکن نواب یوسف علی خاں بہادر فرمان روائے رامپور نے جن کی دوستی سرکار انگریزی کیساتھ بحد استوار تھی بادشاہ کی خدمت میں ایک خشک پیام ہی بھیجنے پر اکتفا کی اور یہ بھی صرف ہمسایوں کے طعنوں سے بچنے کیواسطے کیا۔ لکھنؤ میں بغاوت شروع ہوتے ہی صاحبان انگریز شہر سے نکل گئے اور دیگر مستحکم مقامات میں اپنے بھائیوں اور فدائیوں سے جا ملے۔ لیکن بعض افسران انگریز اپنے ہمراہیوں سمیت لکھنؤ ہی میں مقام بیلی گارد میں قلعہ بند ہو گئے شرف الدولہ نے جو شاہان اودھ کا وزیر مشہور تھا واجد علی شاہ کی اولاد میں سے ایک دہ سالہ لڑکے کو تخت پر بٹھایا اور خود وزیر بنا اور ایک پیشکش گراں بہا بادشاہ دہلی کی خدمت میں روانہ کیا جب یہ نذرانہ بادشاہ کی خدمت میں پہنچا تو بادشاہ کو اپنی کامیابی کی کافی امید ہو گئی اور خیال کیا کہ پھر ستارۂ اقبال چمکا۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ اس کے بعد بادشاہ کا ستارہ اقبال ہمیشہ کے لئے غروب ہو گیا۔

شہر دہلی کے اندر لڑائی اور قتل و غارتگری اور اس پر مصنف کی رائے

۱۴ ستمبر ۱۸۵۷ء

کو انگریزی سپاہ نے اس شدومد کے ساتھ کشمیری دروازہ پر گولہ باری کی کہ کالوں کی سپاہ میں بھاگڑ پڑ گئی۔ اگرچہ گیارہ مئی سے چودھویں ستمبر تک چار ماہ اور چار روز کا وقفہ تھا۔ لیکن چونکہ شہر دوشنبہ ہی کے روز ہاتھ سے نکلا اور دوشنبہ ہی کو پھر قبضہ میں آگیا۔ اس لئے کہہ سکتے ہیں کہ ایک ہی دن کے اندر شہر ہاتھ سے نکلا اور ہاتھ میں آگیا۔

غرض فتحمند فوج اس سڑک سے جو ان کے سامنے تھی شہر میں داخل ہوئی جو شخص راہ میں ملا قتل کر دیا گیا۔ معززین شہر اپنی آبرو کو بچائے ہوئے گھروں میں پڑے رہے باغی شہر سے بھاگ نکلے۔ کچھ ایسے تھے جنہوں نے مقابلہ کیا اور سینہ سپر ہو کر لڑے اپنے نزدیک دوسروں کو کاٹا۔ مگر میرے نزدیک اہل دہلی کی جڑیں کاٹ گئے۔ دو تین روز تک شہر میں کشمیری دروازہ سے لیکر چاروں طرف کوچہ و بازار میدان کارزار بنے رہے۔ رفتہ رفتہ صرف تین دروازے یعنی اجمیری دروازہ، ترکمان دروازہ اور دہلی دروازہ کالوں کے قبضہ میں رہ گئے۔ گوروں نے شہر میں داخل ہوتے ہی بیگناہوں اور بینواؤں کو قتل کرنا شروع کیا اور جا بجا مکانات میں آگ لگا دی۔ حقیقت یہ ہے کہ جب کوئی مقام سخت خونریزی کے بعد حملہ آور کے قبضہ میں آتا ہے تو اس مقام کے رہنے والوں پر اسی قسم کی سختیاں اور مصیبتیں نازل ہوتی ہیں۔

جب اہل شہر نے فتحمندوں کی یہ کینہ وری اور غیظ و غضب دیکھا تو ان کی امید ناامیدی سے بدل گئی۔ اور بے شمار غربا و شرفا اپنی مستورات کو لے کر ان تینوں دروازوں میں سے شہر چھوڑ کر نکل گئے اور شہر کے باہر چھوٹی چھوٹی بستیوں اور قبرستانوں میں جا کر دم لیا۔ جب وہاں بھی چین نہ ملا تو ان میں سے بہت سے سفر کے مصائب اٹھاتے دور دراز مقامات میں چلے گئے۔

۱۴ ستمبر کے بعد پانچ روز تک شہر کے اندر کالے اور گوروں میں جا بجا لڑائی ہوتی رہی یہاں تک کہ رفتہ رفتہ کالے پیچھے ہٹتے گئے اور گورے شہر پر قابض

ہوتے گئے۔ بالآخر ۱۸ ستمبر کو جمعہ کے روز شہر کالوں سے خالی ہو گیا اور دہلی اور قلعہ دہلی پر انگریزی فوج کا پورا پورا تسلط ہو گیا۔ اسکے بعد پکڑ دھکڑ قتل و غارتگری کا بازار اور زیادہ گرم ہوا۔

گوروں کا تشدد اور اسپر مصنف کی رائے

یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ اس شہر گردی میں مختلف علاقوں میں طریقہ سخت گیری مختلف رہا اور تشدد و تظلم سب پر یکساں نہ تھا۔ ہر شخص کے رویہ اور حیثیت کے مطابق اس پر ظلم ہوا اپنے علم کی بنا پر کہہ سکتا ہوں کہ انگریزی سپاہیوں کو حکم یہ تھا کہ جو شخص اطاعت قبول کرے اس کے قتل سے ہاتھ اٹھائیں اور صرف اس کو لوٹ لینے ہی پر اکتفا کریں۔ مگر جو شخص مقابلہ کرے اس کو قتل کر دیں۔ اور اس کا گھر بار لوٹ لیں۔ اب جو لوگ مارے گئے ان پر یہی گمان کیا جا سکتا ہے کہ انہوں نے سرتابی کی ہوگی۔ مشہور بھی یہی ہے کہ انگریزی سپاہ نے زیادہ تر لوگوں کا مال و متاع لوٹ لیا مگر ان کی جانوں کو کوئی گزند نہ پہنچایا لیکن کہیں کہیں ایک دو محلوں میں ایسا بھی ہوا کہ لوگوں کو قتل بھی کیا گیا اور ان کا مال و اسباب بھی لوٹ لیا لیا گیا۔ لیکن بوڑھوں، بچوں اور عورتوں کے قتل سے ہمیشہ پرہیز کیا گیا اس کے مقابلہ میں اہل انصاف ہندوستانیوں کا برتاوہ یاد کریں بتلائیں کہ ایسی صورت میں جبکہ دشمنی اور کینہ وری کی کوئی معقول وجہ موجود نہ ہو اور آقاکشی گناہ خیال کی جاتی ہو اپنے آقا پر تلوار کھینچنا اور بے گناہ عورتوں اور شیر خوار بچوں کو قتل کرنا کہاں تک قرین انصاف ہے۔ برخلاف اس کے انگریزوں کے طرز عمل پر غور کیجئے کہ دشمنوں سے انتقام لینے اور مجرموں کو سزا دینے کی غرض سے کھڑے ہوئے ہیں۔ اہل شہر سے بیحد بددل اور ناراض ہیں۔ اس پر بھی غلبہ پانے کے بعد جبکہ دلی کے کتے بلی کو بھی زندہ نہ چھوڑنا چاہئے تھا وہ غصہ کو ضبط کرتے ہیں، عورتوں اور بچوں کو ہاتھ نہیں لگاتے، بے قصور اور قصوروار میں پورا پورا فرق کرتے ہیں، اور کسی شخص کو سوائے ان لوگوں کے جن کو باز پرس کیواسطے بلاتے ہیں حیران نہیں کرتے۔ اہل شہر میں سے بہت سے شہر بدر کر دئے گئے

جو باقی ہیں، امید و بیم کی حالت میں ہیں۔

۷ اراکتوبر، چہار شنبہ کے روز شہر میں اکیس توپوں کی سلامی ہوئی۔ حیرانی ہوئی کہ لفٹنٹ گورنر بہادر کی آمد پر ۱۷ توپوں کی سلامی ہوتی ہے، اور نواب گورنر جنرل بہادر کی آمد پر ۱۹ توپوں کی سلامی اترتی ہے۔ ۲۱ توپوں کی سلامی چہ معنی دارد۔ کسی سے کچھ نہ معلوم ہو سکا گمان غالب یہ ہے کہ غالباً سپاہ انگریزی کو کسی مقام پر باغیوں پر کوئی زبردست فتح حاصل ہوئی ہے۔

باغیوں کے زیر اثر مقامات

اگرچہ دہلی میں فتنہ فرو ہو گیا۔ مگر ابھی بدکردار باغیوں نے ایک طرف بریلی، فرخ آباد اور لکھنؤ میں شورش برپا کی ہے، اور دوسری طرف سوہنہ اور میوات کے علاقے میں فتنے کی آگ بھڑکا رکھی ہے۔ تلارام نامی ایک شخص نے کچھ دنوں ریواڑی میں شورش برپا کی پھر دیو یا میو کے ساتھ ملکر میوات کے پہاڑ اور جنگلات میں انگریزوں کے مقابلے کے لئے آمادہ ہوا۔

نواح دہلی کے رئیسوں کا قلعہ میں اجتماع

جس ہفتہ میں انگریزی سپاہ نے شہر پر قبضہ کیا اسی ہفتہ میں امین الدین احمد خاں بہادر و ضیاء الدین احمد بہادر اپنے اہل عیال کے ساتھ تین ہاتھی اور چالیس تیز رفتار گھوڑوں پہ سوار ہو کر اپنی جاگیر لوہارو کی طرف روانہ ہوئے۔ مہرولی پہنچکر ایک دو روز قیام کیا۔ دوران قیام میں لشکریان غارتگران پر آن پڑے اور جو کچھ پاس تھا لوٹ کر لے گئے۔ چنانچہ بے سر و سامانی کی حالت میں یہ رؤسائے ذیشان دوجانہ کیطرف روانہ ہوئے۔ احسن علی خاں بہادر والی دوجانہ نے نہایت مہربانی اور فیاضی سے حق مہمان نوازی ادا کیا۔ جب صاحب کمشنر بہادر کو خبر ہوئی تو بلایا۔ چنانچہ وہ رؤسائے آسمان شان پھر جانب دہلی روانہ ہوئے۔ صاحب بہادر کیخدمت میں پہنچے اور آداب بجا لائے صاحب بہادر نے طنز آمیز گفتگو شروع کی۔ لیکن جب نرم اور نادمانہ و مصالحانہ جواب سنا تو خاموش ہو رہے اور قلعہ میں قیام کرنے کی اجازت دی۔ دو تین روز بعد حکم ہوا کہ عبدالرحمٰن خان والی جھجر کو گرفتار کر لائیں۔ جب وہ رئیس والاشان وارد دہلی ہوا

تو اس کو قلعہ میں دیوانِ عام میں ایک طرف قیام کرنیکا حکم ہوا اور اس کی تمام ریاست انگریزی علاقہ میں شامل کر لی گئی۔ اسی طرح ۳۰ر اکتوبر جمعہ کے روز احمد علی خاں والی فرخ نگر کو گرفتار کر کے دہلی لائے اور قلعہ میں ایک علیحدہ جگہ اتارا۔ ۲ر نومبر شنبہ کے روز بہادر جنگ خاں والی بہادر گڑھ کو دہلی لایا گیا اور اس کے واسطے بھی قلعہ ہی میں جائے قیام مقرر ہوئی۔ اسی طرح بروز شنبہ راجہ ناہر سنگھ والی بلب گڑھ بھی قلعہ میں لائے گئے۔ نواحِ دہلی میں سات ریاستیں دہلی کی اجنٹی سے متعلق ہیں۔ جھجر۔ بہادر گڑھ۔ بلب گڑھ۔ لوہارو۔ فرخ نگر۔ دوجانہ اور پاٹودی۔ اِن سات ریاستوں میں سے پانچ ریاستوں کے رئیس اس وقت قلعہ میں جُدا جُدا مقام پر مقیم تھے۔ پاٹودی، اور دوجانہ کے رئیس، اپنی اپنی ریاستوں میں خوف زدہ سکتہ کے عالم میں منتظر تھے کہ دیکھئے پردہ غیب سے کیا ظہور میں آتا ہے۔

انہی ایام میں مظفر الدولہ سیف الدین حیدر خاں اور ذوالفقار الدین حیدر خاں بھی اپنے متعلقین کے ساتھ شہر سے نکل کھڑے ہوئے اور اپنے بھرے بھرے گھر لوٹ کے حوالے کر گئے۔ شہزادگان خاندان تیموری میں سے کچھ لڑائی میں مارے گئے۔ کچھ گرفتار ہو کر قید خانوں میں پڑے ہوئے اپنے دن پورے کرتے ہیں۔ معدودے چند ایسے تھے جو جان بچا کر بھاگ گئے۔ ضعیف العمر بادشاہ کی گرفتاری کا حکم صادر ہے کہ باز پرس کیجائے والیان جھجر، بلب گڑھ اور فرخ نگر کو علیحدہ مختلف اوقات میں پھانسی دیدی گئی۔

حکیم محمود خاں صاحب اور ساٹھ اور آدمیوں کو حوالات

۱۸۵۸ء کے آغاز میں جنوری کے مہینہ میں ہندوستانیوں کی خطائیں معاف ہوئیں اور لوگ پھر شہر میں واپس آنے لگے۔ اسی اثنار میں حاکمِ شہر کو چغلخوروں نے خبر دی کہ راجہ نرندر سنگھ بہادر کے معالج یعنی حکیم محمود خاں صاحب کا مکان مسلمانوں کے لئے جائے پناہ بنا ہوا ہے۔ اور بہت ممکن ہے کہ ایک دو باغی بھی ان لوگوں میں ہوں جو حکیم صاحب کے ہاں پناہ گزیں ہیں چنانچہ ۲ر فروری ۱۸۵۸ء شنبہ کے روز حاکم مذکور دوڑ لیکر آ گیا اور مالک خانہ کو

مع ساٹھ اور آدمیوں کے پکڑ کیے گیا۔ اگرچہ چند روز تک سب کو حوالات رہی لیکن حکیم صاحب کی عزت و آبرو کا پورا پورا لحاظ رکھا گیا۔ بالآخر حکیم محمود خاں حکیم مرتضےٰ خاں اور ان کے چچازاد بھائی حکیم عبدالحکیم خاں کو واپسی کی اجازت ہوگئی۔ ۱۲ر فروری کو کچھ لوگ اور چھوڑ دیئے گئے۔ ۱۳ر فروری کو تین آدمیوں نے اور رہائی پائی مگر نصف سے زائد آدمی حوالات ہی میں رہے۔

لکھنؤ میں لڑائی اور شہر پر قبضہ اسی ماہ میں سر جان لارنس صاحب چیف کمشنر بہادر کی آمد آمد کی خبر شہر میں گرم ہوئی۔ اور ۲۰ر فروری شنبہ کے روز شام کے وقت ۱۲ توپوں کی سلامی سے شہر گونج اٹھا۔ دوسرے دن صبح کو معلوم ہوا کہ شہر لکھنؤ فتح ہوگیا۔ ساتھ ہی یہ بھی سُنا کہ لکھنؤ میں ۱۶ر فروری کو کمانڈر انچیف بہادر نے نہایت بہادری کے ساتھ باغیوں پر ایک ایسا سخت حملہ کیا کہ ان کے دھوئیں اڑا دیئے۔ دوسرے ذریعہ سے معلوم ہوا کہ یہ توپیں لکھنؤ کی فتح کی سلامی نہ تھی بلکہ سپاہ انگریزی کو باغیوں پر جو نمایاں غلبہ حاصل ہوا ہے اس کی خوشی میں چھوڑی گئیں تھیں۔ چوبیس[۲۴] فروری چہار شنبہ کے روز صبح کے وقت صاحب چیف کمشنر بہادر کا دہلی میں ورود ہوا۔ ۱۳ توپوں کی سلامی ہوئی اور اہل شہر کے تن مردہ میں پھر جان آئی۔ ؎

در کالبدِ شہر رواں باز آمد | فرمان فرمائے شہ نشاں باز آمد
زین شاہی و خوشدلی کہ رودادبہ شہر | گوئی کہ مگر شاہجہاں باز آمد

۲۷ر فروری شنبہ کے روز اس رحم دل حاکم نے فریادیوں کی دادرسی کی اور امن و امان کا مژدہ سُنایا۔

اہل دہلی کی مصائب آجکل قید خانہ شہر کے باہر اور حوالات شہر کے اندر ہے ان میں قیدیوں کا وہ ہجوم ہے کہ الامان والحفیظ۔ ان کے علاوہ جو لوگ پھانسی چڑھ گئے انکی تعداد خدا ہی خوب جانتا ہے۔ آجکل دہلی میں مسلمان ہزار آدمیوں سے زیادہ نہوں گے گروہا گروہ کلمہ گو شہر سے نکل کر دو دو تین تین کوس پرے کھنڈرات میں، ویرانوں میں

پہاڑ کے کھدوانوں میں زندگی کے دن پورے کرتے ہیں۔ جو لوگ شہر میں باقی رہ گئے ہیں ان میں یا تو قیدیوں کے عزیز و اقربا ہیں اور یا پنشن خواران سرکار ہیں۔

باغیوں کا ہر جگہ قلع وقمع اٹھارہ مارچ بروز پنجشنبہ شام کیوقت گردوں شکاف توپوں کی آواز نے خبر دی کہ لکھنؤ میں کامل طور پر انگریزی تسلط ہو گیا۔ اپریل کے مہینے میں حکیم محمود خاں صاحب کے ساتھیوں نے جو اس وقت تک حوالات میں تھے رہائی پائی۔ اور حکیم صاحب اپنے عزیز و اقربا کیساتھ پٹیالہ کی طرف روانہ ہوئے۔ مئی کے شروع میں خبر آئی کہ انگریزی سپاہ نے مراد آباد باغیوں سے خالی کرا لیا۔ اور فتح کے بعد مراد آباد نواب یوسف علی خاں صاحب والیٔ رامپور کی قلمرو میں شامل کیا گیا۔ اس کے بعد انگریزوں نے بریلی کو فتنہ پردازباغیوں سے خالی کرایا چنانچہ اب قوی امید ہے کہ عنقریب انگریزی سپاہ ہر جگہ باغیوں کا قلع وقمع کر دے گی اور پھر تمام ہندوستان از سرنو سرکار انگریزی کے سایۂ عدل وانصاف میں آ جائیگا۔

۱۳ر جون یکشنبہ کے روز شام کے وقت بہادر جنگ خاں والیٔ بہادر گڑھ کو بلا کر حکم جاں بخشی سنایا گیا۔ اور ساتھ ہی ایک ہزار روپے ماہوار وظیفہ کا مژدہ دیا گیا۔

۲۲ر جون کو ۲۱ توپوں کی سلامی نے خبر دی کہ انگریزی سپاہ کی جانبازانہ کوششوں سے گوالیار اور قلعہ گوالیار فتح ہو گیا۔ جس کی مختصر روداد یہ ہے کہ باغیان سرکش دیگر مقامات کی طرح گوالیار پر بھی قابض ہو گئے تھے۔ راجہ گوالیار مہاراجہ جیاجی راؤ شہر اور شہر یاری چھوڑ کر آگرہ بھاگ گیا۔ اور انگریزوں سے مدد مانگی۔ انگریزوں نے ایک جرار فوج سے اس کی مدد کی چنانچہ راجہ نے انگریزی فوج کی مدد سے باغیوں کو شکست فاش دی۔

باغیوں کا حشر باغیوں کا جو کچھ حشر ہوا وہ ان کے کردار کی کافی سزا تھی۔ یہ گمراہ سرکش ہر طرف سے ہزیمت پا کر گوالیار پہنچے لیکن جب وہاں بھی شکست فاش کھائی تو مدت تک رواں دواں پھرتے رہے اور رہزنی اور ڈاکہ زنی کرتے پھرے۔ آخر کار ہر جگہ نہایت ذلت و خواری کیساتھ ایک ایک کرکے مارے گئے۔

مضمون "دستنبو" پر رائے

رسالہ دستنبو کا ترجمہ ختم ہوا۔ میرزا آتامی نے جس خوبی سے دستنبو کا ترجمہ کیا اسکی تعریف مشکل ہے جو لوگ ترجمہ کی دشواریوں سے واقف ہیں وہ دستنبو کا اصل متن سامنے رکھیں گے تو ان کو بے اختیار اس ترجمہ کی داد دینی پڑیگی کہ غالب کی سخت اور مشکل فارسی عبارت کا جس کو عربی الفاظ سے دانستہ محفوظ رکھنے کی کوشش کی گئی تھی، ایسا عام فہم اور صحیح ترجمہ کیا گیا ہے کہ تعجب ہوتا ہے۔ دوسری خوبی یہ ہے کہ ترجمہ کے الفاظ غالب کی اردو طرز تحریر سے مشابہ کردئے گئے ہیں اور بادی النظر میں معلوم ہوتا ہے کہ یہ غالب ہی کی لکھی ہوئی عبارت ہے۔ تیسری خوبی یہ ہے کہ ترجمہ کا انداز بالکل روزنامچہ کا سا بنادیا گیا ہے تاکہ کتاب روزنامچہ کی عبارت سے بے میل معلوم نہ ہو، یہ تمام کمالات معمولی نہیں ہیں اور میرزا آتامی کی غیر معمولی قابلیت کو ظاہر کرتے ہیں۔

آجکل کے زمانے میں غالب کی یہ تحریر شاید لوگوں کو پسند نہ آئیگی کیونکہ انہوں نے ہندوستانی باغیوں کی خطاؤں کو بہت نمایاں کرکے دکھایا ہے اور انگریزی لشکر کی زیادتیوں پر احتیاط و مصلحت کا پردہ ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ غالب کا یہ خیال بالکل درست ہے کہ باغیوں نے انگریزوں کی عورتوں اور بچوں کیساتھ جسقدر زیادتیاں کیں وہ انکے مذہب اور ملک کی روایات کے سراسر خلاف حرکات تھیں۔ انگریزی فوج نے ہندوستانی عورتوں اور بچوں پر کوئی ایسا نمایاں ظلم نہیں کیا جو قابل ذکر ہو، البتہ غالب نے اس کتاب میں حالات کی نزاکت کے سبب جرأت نہیں کی کہ انگریزی لشکر نے باغیوں کے علاوہ شہری باشندوں سے جیسی سفاکی کیساتھ انتقام لیا اور جس بے دردی سے بیشمار آدمیوں کو پھانسی پر لٹکادیا وہ تاریخ کا نہایت افسوسناک واقعہ ہے اور خود انگریز مدبروں اور مورخوں کو اسکا اقرار ہے کہ دہلی فتح کرنیکے بعد انگریزی لشکر نے بیگناہوں کا قتل عام کرکے برٹش انصاف اور تحمل کو داغدار بنادیا۔

بہرحال میرا مقصد تو غالب مرحوم کے ایک ادبی اور لٹریری کارنامے کو اردو زبان کے ذخیرہ میں بڑھانا تھا۔ غدر کے اسباب کی بحث سے مجھے کچھ سروکار نہیں اسکا فیصلہ مورخ کرینگے کہ حق پر کون تھا اور ناحق پر کون۔

حسن نظامی